Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | اتوار، 21 جون 2026ء، 5 محرم الحرام 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 69

پنجاب میں غیر ملکی سرمایہ کاری لانے کا مشن، صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین کی کینیڈا کے سفارت خانے آمد

کینیڈین ہائی کمشنر کیساتھ ملاقات کے دوران پنجاب اور کینیڈا کے مابین مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق، فوکل پرسنز مقرر

کینیڈا اور پنجاب کے مابین معاشی تعاون اور باہمی سرمایہ کاری کیلئے عملی اقدامات کی ضرورت ہے، کینیڈین ہائی کمشنر طارق علی خان

صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین کینیڈین ہائی کمشنر طارق علی خان کو ملاقات کے موقع پر یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں۔

راولپنڈی (این ای این) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے پاکستان میں کینیڈا کے ہائی کمشنر طارق علی خان سے کینیڈا کے سفارت خانے میں ملاقات کی جس میں دوطرفہ معاشی تعاون بڑھانے اور پنجاب میں سرمایہ کاری کے مواقع پر بات چیت ہوئی۔ ملاقات کے دوران پنجاب اور کینیڈا کے مابین زراعت، لائیوسٹاک اور دیگر شعبوں میں تعاون کے نئے مواقع تلاش کرنے (بقیہ نمبر 1)

PPP کے پاس آزاد امیدوار کی شمولیت کے بعد 12 سیٹیں ہو چکی ہیں

جی بی میں معاملات آئین اور قانون کے مطابق نہیں چل رہے

پی پی پی کا راستہ روکنے کی کوشش کی جا رہی ہے، سیکرٹری جنرل پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این ای این) پاکستان پیپلز پارٹی کے سیکرٹری جنرل نیر حسین بخاری نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے پاس آزاد امیدوار کی شمولیت کے بعد 12 سیٹیں ہو چکی ہیں، سپریم لیٹلٹ بینچ نے پی پی پی کے دو کامیاب امیدواروں کا آرڈر سسپنڈ (بقیہ نمبر 2)

فیلڈ مارشل عاصم منیر اور وزیر اعظم شہباز شریف عظیم ہیں

یہ منظر خوبصورت ہے کہ ایک فوجی سربراہ وزیر اعظم کا پورا احترام کرتا ہے؛ ٹرمپ کی فیلڈ مارشل اور شہباز شریف کی تعریف

اسلام آباد/ واشنگٹن (این ای این) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک بار پھر پاکستانی قیادت کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر اور وزیر اعظم شہباز شریف عظیم ہیں، دونوں کے تعلقات شاندار ہیں۔ تفصیلات کے مطا (بقیہ نمبر 5)

پنجاب بھر کی پبلک ٹرانسپورٹ میں ایمرجنسی سیفٹی آلات لازمی قرار

ایس ایس پی ٹریفک ہیڈ کوارٹرز نے تمام سٹی ٹریفک افسران، ضلعی پولیس افسران کو مراسلہ جاری کر دیا

لاہور (این ای این) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے محفوظ سفر اور انسانی جانوں کے تحفظ کے وژن کے تحت پنجاب بھر میں پبلک سروس گاڑیوں میں ایمرجنسی سیفٹی آلات کی دستیابی لازمی قرار دے دی گئی۔ ترجمان کے مطابق (بقیہ نمبر 4)

عاشورہ محرم پر عزاداروں اور نمازیوں کو ممکن سہولت فراہم کی جائے گی

میڈیا آگاہی مہم، متبادل ٹریفک پلان اور علما سے مسلسل رابطے محرم انتظامات کا حصہ ہیں

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیر اطلاعات وثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری کی زیر صدارت فیصل آباد ڈویژن میں محرم الحرام کے انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں صوبائی وزیر بلال اکبر، کمشنر (بقیہ نمبر 3)

مہاجر ہونا کوئی جرم نہیں، مریم نواز

جنگیں ختم ہو جاتی ہیں مگر مہاجرین کی بے گھری نسلوں تک رہ جاتی ہے، دنیا کو ادراک ہونا چاہیے کہ پناہ مانگنے والا کمزور نہیں، مظلوم ہوتا ہے، کوئی شوق سے پناہ گزین نہیں بنتا زندگی بچانے کے لئے اپنا آنگن، اپنی مٹی، اپنی چھت چھوڑنی پڑتی ہے

دعا ہے کہ دنیا میں امن قائم ہو، ظلم کا خاتمہ ہو اور ہر انسان کو اپنے شہر اور اپنے گھر میں سکون نصیب ہو، وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کا پناہ گزین افراد کے عالمی دن پر پیغام

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پناہ گزین افراد کے عالمی دن World Refugee Day پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ مہاجر ہونا کوئی جرم نہیں یہ ایک کربناک مجبوری ہے۔ کوئی شوق سے پناہ گزین نہیں بنتا زندگی بچانے کے لئے اپنا آنگن، اپنی مٹی، اپنی چھت چھوڑنی پڑتی ہے۔ جنگیں ختم ہو جاتی ہیں مگر مہاجرین کی بے گھری نسلوں تک رہ جاتی ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف فلسطین اور شام کے دربدر مہاجر (بقیہ نمبر 6)

9 مئی کیس: اعجاز چوہدری عمر فراز چیمہ یاسمین راشد محمود الرشید کو قید کی سزا

لاہور کی انسدادِ دہشت گردی عدالت کی جانب سے 9 مئی کے ایک اور کیس کا فیصلہ سنا دیا گیا

عدالت نے تحریک انصاف کے متعدد مرکزی رہنماؤں کو قصوروار قرار دیتے ہوئے سخت سزائیں سنائی ہیں

لاہور (این ای این) لاہور کی انسداد دہشت گردی عدالت کی جانب سے 9 مئی کے ایک اور کیس کا فیصلہ سنا دیا گیا، عدالت نے تحریک انصاف کے متعدد مرکزی رہنماؤں کو قصوروار قرار دیتے ہوئے سخت سزائیں سنائی ہیں، وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی سمیت کئی کارکنان کو مقدمے سے بری کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق انسداد دہشت گردی عدالت لاہور کے ایڈمن جج منظر علی گل نے کوٹ لکھپت (بقیہ نمبر 7)

چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کالج آف ٹورازم اینڈ ہوٹل مینجمنٹ (COTHM) ساؤتھ پنجاب کی سالانہ کانووکیشن 2026ء کی تقریب میں بطور مہمانِ خصوصیت شرکت کر رہے ہیں۔

وزیر اعظم کی تبدیلی کی خبریں مکمل بے بنیاد ہیں

ملک دشمن عناصر ایسی افواہیں پھیلا کر پاکستان میں عدم استحکام پیدا کرنا چاہتے ہیں، میاں شہباز شریف بہترین انداز میں ملک چلا رہے ہیں؛ وفاقی مشیر کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (یو این پی) مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما اور وزیر اعظم کے سیاسی مشیر رانا ثناء اللہ نے وزیر اعظم کی تبدیلی کی تمام خبروں کو یکسر مسترد کرتے ہوئے انہیں ملک میں سیاسی و معاشی عدم استحکام پیدا کرنے کی ایک منظم سازش قرار دے دیا۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اقتدار کی تبدیلی کا ایسا کوئی بھی معاملہ زیرِ غور نہیں ہے، بعض مخصوص حلقے اور لوگ ایسی بے (بقیہ نمبر 24)

صوبائی وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری فیصل آباد ڈویژن میں محرم، حضرت سلطان باہو کے عرس اور چنیوٹ میں شہادت کانفرنس کے انتظامات کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں، صوبائی وزیر بلال اکبر بھی ہمراہ ہیں۔

پاکستانی جیلوں سے رہا ہونے والے مزید 485 افغان شہری وطن واپس پہنچ گئے

اسلام آباد (یو این پی) پاکستان کی مختلف جیلوں سے حال ہی میں رہا ہونے والے 485 افغان شہری اپنے وطن واپس پہنچ گئے۔ رپورٹ کے مطابق وطن واپس جانے والو (بقیہ نمبر 22)

پٹرول کی قیمت میں کمی عوامی دباؤ کی کامیابی، مزید ریلیف دیا جائے

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہونے والی کمی کے اثرات، عوام تک منتقل کئے جائیں

لاہور (یو این پی) امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ پٹرول کی قیمت میں 74 روپے فی لیٹر کمی عوامی دباؤ اور مہنگائی کے خلاف جاری عوامی جدوجہد کی کامیابی ہے، جماعت اسلامی نے ہمیشہ عوامی مسائل، مہنگائی، بے روزگاری اور (بقیہ نمبر 23)

چوآسیدن شاہ ایگزامینر کیخلاف طالبات کو ہراساں کرنے کا الزام

چوآسیدن شاہ میں پریکٹیکل ایگزامینر پر طالبات کو ہراساں کرنے کے الزامات درخواستوں اور انکوائری کے باوجود ڈیوٹی برقرار

دھواں بھی وہاں سے اٹھتا ہے جہاں آگ لگی ہو ایک طالبہ کے بیان کو ناکافی قرار دے کر معاملہ نمٹانے پر عوامی و سماجی حلقوں کے سوالات

چوآسیدن شاہ (خاور شہزاد) میٹرک کے بائیولوجی پریکٹیکل امتحان کے دوران گورنمنٹ گرلز ہائی سکول چوآسیدن شاہ میں تعینات ایک ایگزامینر کے خلاف طالبات کے ساتھ مبینہ ہراسانی اور نامناسب رویے کے الزامات سامنے آنے کے بعد معاملہ نہ صرف تعلیمی حلقوں بلکہ عوامی و سماجی سطح پر بھی موضوع بحث بن گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق سکول کی ہیڈ مسٹریس نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (سیکنڈری) چکوال کو تحریری درخواست ارسال کی جس میں مؤقف اختیار کیا گیا کہ دورانِ پریکٹیکل بعض طالبات نے ایگزامینر کے بار بار جسمانی طور پر غیر ضروری ٹچ اور مبینہ نازیبا حرکات کی شکایت کی جبکہ دو طالبات نے تمام صورتحال تحریری صورت میں بھی قلمبند کر کے جمع کروائیں۔ ذرائع کا دعویٰ ہے کہ ابتدائی طور پر مبینہ طور پر پانچ طالبات کی جانب سے ہراسانی اور نامناسب رویے سے متعلق تحفظات سامنے آئے تھے تاہم بعد ازاں بعض والدین نے معاملے کو مزید آگے بڑھانے کے بجائے خاموشی اختیار کرنے کو ترجیح دی جس کے باعث متعدد طالبات باضابطہ طور پر سامنے نہ آ سکیں۔ درخواست کی نقول چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن چکوال، کنٹرولر امتحانات راولپنڈی بورڈ اور ڈپٹی کمشنر چکوال کو بھی ارسال کی گئیں۔ ذرائع کے مطابق سکول انتظامیہ نے معاملے کی حساسیت کے پیش نظر یہ معاملہ رکن پنجاب اسمبلی کے نوٹس (بقیہ نمبر 26)

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے بعد مسافروں کے لیے بڑا ریلیف

سرگودھا (طارق قاسمی سے) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی کے بعد سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی (آر ٹی اے) ملک طاہر نے مسافروں کو فوری ریلیف فراہم کرنے کے لیے عوامی ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں کمی کے سلسلہ میں ٹرانسپورٹ مالکان اور ان کے نمائندگان کے ساتھ ایک میٹنگ کی۔ جس کے بعد انہوں نے ٹرانسپورٹ کرایوں میں 1 (بقیہ نمبر 25)

صوبائی وزیر اقلیتی امور مہیش سنگھ اروڑہ پنجاب میں ہنگری کے اعزازی قونصل خانے کا افتتاح کر رہے ہیں۔

پنجاب میں 66 سال پرانا کنسولیڈیشن آف ہولڈنگز آرڈیننس ختم

باضابطہ نوٹیفکیشن جاری، نئے قانون کے تحت زیر التوا کنسولیڈیشن سکیموں کو 180 روز کے اندر مکمل کرنا لازمی قرار دیا گیا ہے

مقررہ مدت کے بعد نامکمل رہ جانے والے کیسز کو پنجاب لینڈ ریونیو ایکٹ 1967 کے تحت نمٹایا جائے گا

لاہور (این ای این) پنجاب حکومت نے اراضی سے متعلق اور پیچیدہ قانونی نظام کے خاتمے کیلئے 66 سال پرانے کنسولیڈیشن آف ہولڈنگز آرڈیننس کو ختم کر کے نیا رپیل ایکٹ نافذ کر دیا ہے، جس کا باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ نئے قانون کے تحت زیر التوا کنسولیڈیشن سکیموں کو 180 روز کے اندر مکمل کرنا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ مقررہ مدت کے بعد نامکمل رہ جانے والے کیسز کو پنجاب لینڈ ریونیو ایکٹ 1967 کے تحت نمٹایا جائے گا۔ دستاویزات کے مطابق حکومت کو اراضی کے معاملات میں ڈیجیٹل (بقیہ نمبر 21)

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا علاج معالجہ میں مریضوں کے لیئے اہم اقدام

رائیونڈ (این ای این) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا علاج معالجہ میں مریضوں کے لیئے اہم اقدام؛ نواز گڈ، نواز شریف میڈیکل ڈسٹرکٹ میں جدید طبی سہولیات کے قیام کے لیے اہم منصوبوں کی منظوری احسن اقدام ہے، مسلم لیگ ن کے سینئر رہنماء پی پی حلقہ 175 کے امیدوار حاجی نواز احمد گڈو جلیانے (بقیہ نمبر 10)

فیروز پور روڈ پر ایک دکاندار مٹی کے واٹر کولر فروخت کے لیے سجا رہا ہے، کیونکہ اب بھی بہت سے لوگ مٹی کے برتنوں سے پانی پینے کی روایتی عادت کو برقرار رکھے ہوئے ہیں۔

پاک آئی ڈی ایپ پر جدید ڈیجیٹل سہولت متعارف

شہری اب گھر بیٹھے پیدائش و وفات کا آن لائن اندراج و سرٹیفکیٹ حاصل کر سکیں گے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) سی ڈی اے، ایم سی آئی نے پیدائش و وفات کے اندراج کے نظام کو آن لائن کر دیا۔ جسکی بدولت شہری اب گھر بیٹھے پیدائش و وفات کے اندراج کروا کر سرٹیفکیٹ حاصل کر سکیں گے۔ چیف کمشنر اسلام آباد و چیئرمین سی ڈی اے (بقیہ نمبر 20)

سہیل اشرف اور محمد اقبال حسین کی سی ڈی اے ہیڈ کوارٹرز میں ملاقات

باہمی دلچسپی کے امور سمیت دوطرفہ تعلقات کو مزید فروغ دینے پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین لینڈ اینڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف اور بنگلہ دیش کے سفیر محمد اقبال حسین کی سی ڈی اے ہیڈ کوارٹرز میں ملاقات ہوئی۔ جسمیں دونوں جانب کے مابین باہمی دلچسپی کے امور سمیت (بقیہ نمبر 19)

سیاح خان پور ڈیم کے نیلگوں اور شفاف پانی میں کشتی رانی کر رہے ہیں اور اس مقبول ترین ایڈونچر مقام کے دلکش مناظر سے لطف اندوز ہو رہے ہیں۔

اوقاف کی زمینوں پر ناجائز قبضے ہوئے، ناجائز قابضین کیخلاف بھرپور ایکشن ہوگا

بزدار کے چار سالہ دور میں کوئی نیا بڑا ہسپتال نہیں بنا، موجودہ حکومت نے 2 بڑے ہسپتال بنا دیئے

راولپنڈی (حاجی ندیم سے) پاکستان مسلم لیگ پنجاب کے جنرل سیکرٹری وصوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے مسلم لیگ ہاؤس اسلام آباد کا دورہ کیا۔ پاکستان مسلم لیگ کے سینیئر رہنما بھی صوبائی وزیر کے ہمراہ تھے۔ صوبائی وزیر نے مسلم لیگ (بقیہ نمبر 18)

ڈپٹی کمشنر مری نے محرم الحرام کے انتظامات اور عزاداری کے مختلف روٹس کا معائنہ کیا

دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر مری سمیت متعلقہ محکموں کے افسران اور عملہ بھی موجود تھا

راولپنڈی (حاجی ندیم سے) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے محرم الحرام کے انتظامات، سیکیورٹی اقدامات اور عزاداری کے مختلف روٹس کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ اسسٹنٹ کمشنر مری جناب ارشد اقبال سمیت متعلقہ محکموں (بقیہ نمبر 17)

تنخواہ دار طبقے پر بوجھ ڈالنے کی بجائے ٹیکس نیٹ میں اضافے پر زور دیا

ٹیکس نیٹ بڑھانے کیلئے ریٹیلرز کو نظام کا حصہ بنانے پر کام جاری ہے، وزیر خزانہ

نئے سسٹم میں ٹیکس گزار اور ٹیکس افسر کے درمیان تعلق ختم ہوگا اور فیس لیس سسٹم اس کی جگہ لے گا، بعض تجاویز کو فنانس بل میں شامل کرنا ارادہ ہے

اسلام آباد (این ای این) وزیر خزانہ سینیٹر اورنگزیب نے کہا ہے کہ تنخواہ دار طبقے پر بوجھ ڈالنے کی بجائے ٹیکس نیٹ میں اضافے پر زور دیا، ٹیکس نیٹ بڑھانے کیلئے ریٹیلرز کو نظام کا حصہ بنانے پر کام جاری ہے، نئے سسٹم میں ٹیکس گزار اور ٹیکس افسر کے درمیان تعلق ختم ہوگا اور فیس لیس سسٹم اس کی جگہ لے گا، بعض تجاویز کو فنانس بل میں شامل کرنا ارادہ ہے، اس سال اکتالیس ارب ڈالر کے ترسیلات (بقیہ نمبر 11)

دو موٹر سائیکلوں کے درمیان تصادم کے نتیجے میں دونو جوان جاں بحق ہو گئے

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ میں جھولی لال پیٹرول پمپ کے قریب بائی پاس روڈ پر دو موٹر سائیکلوں کے درمیان آمنے سامنے تصادم کے نتیجے میں دونو جوان جاں بحق ہو گئے۔ پولیس اور عینی شاہدین کے مطابق حادثہ مبینہ طور پر تیز رفتاری کے باعث (بقیہ نمبر 13)

نامعلوم مسلح افراد نے دن دیہاڑے ڈکیتی کے دوران فائرنگ کر کے دو افراد کو زخمی کر دیا

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) رسالدار روڈ ڈاکٹر سنتوش کلینک کے قریب واردات کے دوران دو افراد کو گولی مار کر فرار ہو گئے پولیس ذرائع کے مطابق ملزمان نے ہندو تاجر اشوک لال سے نقد رقم چھیننے کی کوشش کی، تاہم مزاحمت پر انہوں نے فائرنگ (بقیہ نمبر 14)

کمشنر آفس راولپنڈی میں مون سون کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد

راولپنڈی (حاجی ندیم سے) کمشنر راولپنڈی ڈویژن انجینئر عامر خٹک کی زیر صدارت کمشنر آفس راولپنڈی میں مون سون کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر راولپنڈی حسن وقار چیمہ، ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن زینیا ہمایوں، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ سید نذارت علی شاہ و دیگر (بقیہ نمبر 16)

جی ٹی روڈ گلیانہ موڑ تیز رفتار ٹرک کی موٹر سائیکل کو ٹکر خاتون موقع پر جانبحق

خوفناک حادثے میں شوہر معجزانہ طور پر محفوظ، ریسکیو ٹیم نے ڈیڈ باڈی ٹی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دی

گوجر خان (قمر شہزاد) جی ٹی روڈ گوجر خان پر گلیانہ موڑ کے قریب ایک افسوسناک اور خوفناک ٹریفک حادثے میں تیز رفتار ٹرک کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار خاتون موقع پر ہی جاں بحق ہو گئیں، جبکہ ان کے شوہر معجزانہ طور پر محفوظ رہے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق ایک شادی شدہ جوڑا موٹر سائیکل پر جی ٹی روڈ سے گزر رہا تھا کہ گلیانہ موڑ کے پاس پیچھے (بقیہ نمبر 12)

گوجر خان بلدیہ میں فنڈز کا مبینہ زیاں پارکس کا کروڑوں کا سرکاری سامان غائب

سابق سی او ملک طارق ضیاء کے 7 ماہ کے ریونیو، نالوں کے 60 لاکھ کے ٹھیکوں کا آڈٹ کیا جائے شہری حلقے

گوجر خان (قمر شہزاد) ایک طرف قومی خزانہ خالی ہے تو دوسری جانب گوجر خان بلدیہ میں عوامی ٹیکسوں کے پیسے کو بے دردی سے اڑائے جانے کا مبینہ انکشاف ہوا ہے۔ شہری حلقوں نے سابق سی او بلدیہ ملک طارق ضیاء کی 7 ماہ کی تعیناتی کو بدترین بحرانوں کا دور قرار دیتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے کڑے احتساب اور شفاف آڈٹ کا پرزور مطا (بقیہ نمبر 15)

سیکرٹری اقتصادی امور محمد عمیر کریم اور ایشیائی ترقیاتی بینک (ADB) کے ڈپٹی کنٹری ڈائریکٹر حسین حیدر، انشورنس ٹرانسفارمیشن پروگرام کے لیے 700 ملین امریکی ڈالر کے پالیسی پر مبنی قرض کے معاہدے پر دستخط کر رہے ہیں۔

وفاقی دارالحکومت میں موٹر سائیکل سوار پیٹرول ختم ہو جانے پر ایک دوسرے کی بائیک کو دوپٹے کی مدد سے کھینچ (ٹو کر) کر لے جا رہے ہیں۔

روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

بھارت کی آبی دہشت گردی

نائب وزیراعظم ووزیرخارجہ محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ بھارت نے سندھ طاس معاہدے کو معطل کر کے غیر قانونی اقدام کیا۔ بھارت پانی کو ہتھیار کے طور پر استعمال کر رہا ہے۔ انھوں نے واضح کیا کہ سندھ طاس معاہدے کے فریم ورک میں مسائل کا پرامن حل واضح کیا گیا ہے۔ عالمی قوانین کے مطابق سندھ طاس معاہدے پر عمل بھارت کی ذمہ داری ہے۔ پاکستان اقوام متحدہ کے چارٹر پر عمل کر رہا ہے اور اس کے لیے پرعزم بھی ہے۔ پانی کے معاملے پر عالمی قوانین کے مطابق عمل ہونا چاہیے۔ پرامن باہمی بقا کی پالیسی سے انحراف خطرناک ہے۔ وزیرخارجہ کا یہ بیان حقائق پر مبنی ہے اور اس سلسلے میں یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ بھارت نے گزشتہ برس مئی میں پاکستان کے ہاتھوں ہونے والی عسکری ہزیمت کے بعد سے انتقام کی آگ میں جل کر ایسے اقدامات کا سہارا لیا ہے جن کا تعلق روایتی جنگ سے نہیں بلکہ آبی دہشت گردی سے ہے۔ سندھ طاس معاہدہ 1960ء میں عالمی بینک کی ثالثی میں طے پایا تھا اور دو جنگوں اور شدید کشیدگی کے باوجود قائم رہا۔ معاہدے میں واضح طور پر درج ہے کہ اسے صرف دونوں ممالک کی باہمی تحریری رضامندی سے ختم یا تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ بھارت کے پاس یکطرفہ طور پر معاہدہ معطل کرنے کا کوئی قانونی اختیار نہیں۔ مستقل ثالثی عدالت نے بھی مئی 2026ء میں ایک ضمنی فیصلے میں اس بات کی توثیق کی مگر بھارت نے ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کرتے ہوئے عدالت کے قیام کو ہی غیر قانونی قرار دے دیا۔ یہ رویہ بین الاقوامی قانون کی صریح خلاف ورزی ہے۔ کوئی بھی ملک کسی دوطرفہ یا کثیر فریقی معاہدے کو محض بدلہ لینے کے لیے یکطرفہ طور پر ختم نہیں کر سکتا۔ اگر بھارت کو اس کی اجازت دے دی گئی تو یہ ایک خطرناک نظیر بنے گی جو دنیا کے ہر بین الاقوامی معاہدے کی ساکھ کو متاثر کرے گی۔ بھارت نے نہ صرف معاہدہ معطل کیا بلکہ ہائیڈرولوجیکل ڈیٹا کا تبادلہ بھی روک دیا جس سے پاکستان سیلاب اور خشک سالی جیسے خطرات سے دوچار ہے۔ علاوہ ازیں، بھارتی وزیرِ داخلہ کا یہ اعلان کہ پانی کو نہر کے ذریعے راجستھان منتقل کیا جائے گا، اس بات کی دلیل ہے کہ بھارت کا اصل ہدف پاکستان کو مستقل طور پر پانی سے محروم کرنا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان اسے آبی دہشت گردی کا نام دیتا ہے۔ اقوام متحدہ، عالمی بینک اور دیگر بڑی طاقتوں کو یہ سمجھنا ہوگا کہ پانی کو ہتھیار بنانا روایتی تصادم سے کم تباہ کن نہیں۔

فخرِ چونڈہ، مخلوق خدا کا مسیحا۔۔۔عظیم باپ کا عظیم بیٹا

زبیر احمد صدیقی

تاریخ کے اوراق پلٹیں تو حقیقت کھل کر سامنے آجاتی ہے۔ انسان دھرتی پر آتے جاتے ہیں، تاہم کردار ہمیشہ زندہ رہتے ہیں۔ یہ سلسلہ ازل سے شروع ہو کر ابد تک جاری رہے گا۔ دنیا و آخرت میں وہی لوگ کامیابی اور فلاح پائیں گے جنہوں نے مخلوق خدا کی خدمت کے لیے اپنا مال، جان اور وقت وقف کیا، زندگی خوف خدا اور عشقِ رسول ﷺ کے ساتھ بسر کی، اپنے محسنوں کا احترام کیا اور احکامات خداوندی پر عمل کرنے کی بھرپور کوشش کی۔ شہداء اسلام کی بستی چونڈہ محاذ نے بھی بڑے خوبصورت اور عظیم انسان پیدا کیے ہیں۔ انہی عظیم سپوتوں میں سرزمین شہداء کے فرزند، ریٹائرڈ جسٹس سندھ ہائی کورٹ چوہدری شاہد انور باجوہ کا شمار بھی ایسے خوش قسمت انسانوں میں ہوتا ہے۔ آپ 26 دسمبر 1949ء کو سرزمین شہداء چونڈہ محاذ میں چوہدری محمد انور باجوہ کے گھر پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم گورنمنٹ ڈی سی ہائی سکول کلاس نمبر 1 میں حاصل کی، جہاں آج کل ریلوے اسٹیشن چوک کے قریب گورنمنٹ پرائمری سکول قائم ہے۔ والدہ محترمہ نواب بی بی نے بچپن ہی میں قاعدہ اور سولہ تک پہاڑے زبانی یاد کروا دیے تھے۔ اساتذہ کرام میں غلام حسین جو کہ امین بھٹی کے والد محترم تھے۔ مظفر گیلانی جو کہ ڈاکٹر تفخر جیلانی کے والد محترم تھے، غلام حسین، حبیب الرحمٰن جن کا نام قبل از اسلام منجھی رام تھا، ظہور شاہ، ظفر الحق قریشی، محمد یوسف راں، صوفی محمد افضل اور محمد شفیع شامل تھے۔ آپ پانچ بہنوں کے اکلوتے بھائی تھے۔ سب نے ایم اے کیا تھا بڑی بہن شہناز امین رندھاوا ڈی ای او (DEO) لاہور رہی مجھ سے چھوٹی ہمشیرہ آمنہ رزاق باجوہ پروفیسر پولیٹیکل سائنس کالج لاہور ملازمت صرف دونوں نے کی تھی جبکہ تمام بہنیں اعلیٰ تعلیم یافتہ تھیں۔ 8 ستمبر 1965ء کی جنگ کے دوران چونڈہ کے حالات، ٹینکوں کی آمد و رفت، سکولوں کی بندش اور گوجرہ ہجرت کے واقعات آج بھی آپ کی یادوں میں محفوظ ہیں۔ بعد ازاں لاہور سے ایف ایس سی اور مکینیکل انجینئرنگ مکمل کی اور 1973ء میں کراچی جا کر اٹامک انرجی میں ملازمت اختیار کی۔ بعد ازاں بیٹل موٹرز کمپنی میں پرسنل منیجر اور پھر ڈائریکٹر کے عہدے تک پہنچے۔ اسی دوران ہماری کمپنی کو قائداعظم محمد علی جناح کی تاریخی گاڑیوں کی مرمت کا اعزاز بھی حاصل ہوا۔ چودہ سال ملازمت کے بعد ایل ایل بی کیا اور 1989ء میں وکالت کے شعبے میں قدم رکھا۔ 25 دسمبر 2009ء کو سندھ ہائی کورٹ کے جج مقرر ہوئے اور 5 اکتوبر 2012ء کو باعزت ریٹائر ہوئے۔ آپ کی شادی 1981ء میں ہوئی۔ دو بیٹے مجتبیٰ احمد باجوہ (بیرسٹر) اور سنان ظفر باجوہ (یو کے میں وکالت) آپ کے نقش قدم پر چل رہے ہیں۔ آپ کی تربیت آپ کے دادا محمد دیوان باجوہ نے کی۔ تحصیل پسرور کے 1895ء پرائمری سکول میں تعلیم حاصل کی وہ چونڈہ کے پہلے میٹرک کرنے والے تھے۔ 1895ء کے گزٹیئر کی کاپی آپ کے پاس ہے جسمیں لکھا ہے کہ دو مسلم زیلدار چوہدری امین بخش جو کہ میرے اور طارق باجوہ کے دادا کے دادا تھے اور دوسرے دولم کے میری دادی کے چچا چوہدری غلام محی الدین تھے۔ سیالکوٹ کے ہیڈ اور نمائندہ وہ زیلدار چوہدری امین بخش تھے۔ چوہدری شاہد انور باجوہ نے اپنے والد محترم کی یاد میں محمد انور میموریل ٹرسٹ قائم کیا، جس میں اپنی ذاتی رقم جمع کروا کر تعلیم کے فروغ کے لیے وقف کر دی۔ اس ٹرسٹ کے ذریعے چونڈہ کے طلبہ و طالبات کو ایک کروڑ روپے سے زائد اسکالرشپس دی جا چکی ہیں اور ہر سال لاکھوں روپے مزید تقسیم کیے جاتے ہیں۔ تعلیم کے فروغ اور علاقہ کی ترقی کے لیے محمد انور ٹرسٹ کے چیف آرگنائزر محمد طارق باجوہ (پرنس سٹوڈیو چونڈہ) کی زیر نگرانی گورنمنٹ ڈی سی ہائی سکول چونڈہ میں غلام حسن طور ہال (22 لاکھ)، انور بلاک (35 لاکھ) اور ایک کروڑ روپے کی جدید لائبریری، گورنمنٹ تبلیغ الاسلام ہائی سکول میں (42 لاکھ) روپے کی خطیر رقم سے زیلدار امین بخش ہال، اور 25 لاکھ روپے کی لاگت سے گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری سکول چونڈہ میں نواب بی بی لائبریری (25 لاکھ) دو لاکھ روپے کتب کے لیے الگ سے مختص، گورنمنٹ پرائمری سکول نمبر 2 میں میز بلاک (54 لاکھ) ڈبل سٹوری اور گورنمنٹ گرلز ہائی سکول ڈوگری ہریاں میں نئے بلاک (35 لاکھ) کی خطیر رقم سے تعمیر کروائے گئے۔ آپ نے تبلیغ الاسلام ہائی سکول میں طلبہ کے لیے ٹیبل ٹینس کی سہولت بھی فراہم کی، مگر افسوس کہ متعلقہ ادارے کی عدم دلچسپی کے باعث یہ سہولت طلبہ کے استعمال میں نہ آسکی۔ جسٹس شاہد انور باجوہ کا کہنا ہے کہ ان کی زندگی پر سب سے زیادہ اثر اللہ کے آخری رسول حضرت محمد ﷺ کی ذات اقدس کا ہے۔ نوجوانوں کے لیے ان کا پیغام ہے کہ کامیابی کا راز تین چیزوں میں پوشیدہ ہے: (1) اللہ کے رسول ﷺ سے سچا عشق (2) والدین کی اطاعت اور احترام (3) محنت اور سچائی ان کے مطابق محنت کا کوئی نعم البدل نہیں اور قرآن کریم بھی یہی تعلیم دیتا ہے کہ انسان کو وہی ملتا ہے جس کی وہ کوشش کرتا ہے۔ خدمتِ خلق دنیا و آخرت کی کامیابی کا ذریعہ ہے۔ چونڈہ محاذ کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ جسٹس شاہد انور باجوہ جیسے عظیم انسان نے اعلیٰ عدالتی منصب سے ریٹائر ہونے کے بعد بھی اپنی سرزمین، اپنے تعلیمی اداروں اور عوام الناس کی خدمت کو اپنا شعار بنایا۔

اسکرین کی چمکتی دنیا بچوں کے بچپن پر خاموش حملہ

تحریر: دانش رحمان

سکرین کی چمکتی دنیا بچوں کے بچپن پر ایک خاموش حملہ ہے آج کے دور میں موبائل فون ٹیبلیٹ ٹیلی ویژن اور ڈیجیٹل مواد بچوں کی معصومیت اور قدرتی نشوونما کو مسلسل نقصان پہنچا رہی ہے یہ دلکش دائرہ تعلیم تفریح اور رابطے کا وعدہ تو کرتا ہے مگر اس کی روشنی کے نیچے بچوں کے دماغی جسمانی جذباتی اور سماجی بڑھوتری پر گہرا اثر پڑ رہا ہے والدین کی مصروفیات اور سوشل میڈیا کی لت نے بچوں کو حقیقی دنیا سے دور کر کے مصنوعی دائرے میں قید کر دیا ہے یہاں حرکت کی جگہ بے حرکتی اپنے تخیل کی جگہ تیار کردہ مواد اور حقیقی رشتوں کی جگہ مصنوعی رابطے غالب ہیں یہ محض عادت نہیں بلکہ بچوں کی صحت اور مستقبل کے لیے ایک بڑا چیلنج ہے ابتدائی سالوں میں بچوں کا دماغ قدرتی تجربات حقیقی کھیل اور آمنے سامنے کی بات چیت سے بہتر بڑھتا ہے مگر اسکرینوں کا زیادہ استعمال اس عمل کو روک رہا ہے اور دماغ میں نشے جیسی لت پیدا کر رہا ہے۔ یہ مسئلہ پاکستان سمیت پوری دنیا میں پھیلا ہوا ہے عالمی ادارہ صحت کی ہدایات کے مطابق پانچ سال سے کم عمر کے بچوں کو ویڈیو کالز کے علاوہ اسکرین استعمال نہیں کرنا چاہیے دو سے پانچ سال کے بچوں کے لیے ایک گھنٹے سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے بڑے بچوں کے لیے تفریحی استعمال دو گھنٹوں تک محدود رکھیں مگر پاکستان میں شہروں اور دیہاتوں کے بچے اس حد سے کہیں زیادہ وقت اسکرینوں پر گزار رہے ہیں مطالعات بتاتے ہیں کہ سکول جانے والے بچے روزانہ چار سے سات گھنٹے یا اس سے زیادہ ڈیوائسز پر وقت صرف کرتے ہیں تعطیلات میں یہ تعداد اور بڑھ جاتی ہے کورونا وبا کے وقت آن لائن کلاسوں نے اس رجحان کو تیز کیا اب بہت سے گھروں میں اسکرین بچوں کی دیکھ بھال کرنے والی بن چکی ہے اس وجہ سے بچے باہر کھیلنے دوڑنے اور حقیقی ماحول سے سیکھنے کے بجائے گھر کے اندر بیٹھے رہتے ہیں۔ جسمانی نقصان اس جملے کا سب سے واضح پہلو ہے انسانی جسم حرکت کے لیے بنایا گیا ہے مگر اسکرینوں کی وجہ سے بچے گھنٹوں ایک جگہ بیٹھے رہتے ہیں اس سے موٹاپے کا خطرہ بڑھتا ہے زیادہ بیٹھنے اور غیر ضروری کھانے سے وزن بڑھتا ہے دل کی بیماریوں کا امکان بڑھتا ہے اور جسم کمزور ہوتا ہے آنکھوں کی صحت بھی بری طرح متاثر ہو رہی ہے قریب کی نظر خشک آنکھیں اور آنکھوں کی تھکاوٹ عام ہو گئی ہے بڑے شہروں کے ڈاکٹر بتاتے ہیں کہ شہری بچوں میں قریب کی نظر تیزی سے بڑھ رہی ہے کیونکہ وہ قریبی فاصلے پر اسکرین دیکھتے رہتے ہیں اور کمرے میں روشنی مناسب نہیں ہوتی نیلی روشنی نیند کے ہارمون کو خراب کرتی ہے نتیجے میں بچے دیر سے سوتے ہیں نیند ٹوٹی پھوٹی رہتی ہے اور اگلے دن تھکاوٹ اور توجہ کی کمی ہوتی ہے ہاتھ پاؤں کی نشوونما جو دوڑنے چڑھنے اور حقیقی چیزوں سے کھیلنے سے ہوتی ہے اب کمزور پڑ رہی ہے بچوں کے ماہرین لکھائی میں مشکل توازن کی کمی اور ہم آہنگی کے مسائل والے بچوں کی تعداد میں اضافہ دیکھ رہے ہیں۔ علمی اور تعلیمی اثرات بھی فکرانگیز ہیں اگرچہ کچھ مواد تعلیمی ہونے کا دعویٰ کرتا ہے مگر زیادہ تر مواد توجہ بکھیرتا ہے اور گہری سوچ کم کرتا ہے بچوں کی ایک کام پر دیر تک توجہ دینے کی صلاحیت کم ہو رہی ہے پڑھنے کی برداشت گھٹ رہی ہے اور تخلیقی صلاحیتیں محدود ہوتی جا رہی ہیں انسانی بات چیت دماغی رابطے مضبوط کرتی ہے مگر اسکرینوں کا غیر فعال مواد زبان سیکھنے میں تاخیر پیدا کرتا ہے چھوٹے بچوں میں الفاظ سیکھنے اور بات کرنے میں سست روی دیکھی جا رہی ہے تعلیم کے میدان میں بھی اسکرینوں نے فرق پیدا کر دیا ہے اساتذہ کہتے ہیں کہ کلاس میں بچوں کی توجہ کم ہو گئی ہے روایتی تعلیم کے ساتھ اسکرینوں کا زیادہ انحصار بچوں کو حقیقی سوچنے اور مسائل حل کرنے کی مشق سے دور کر رہا ہے۔ سماجی اور جذباتی نقصان سب سے گہرا ہے بچپن سماجی مہارتیں ہمدردی اور جذبات کنٹرول کرنے کا زمانہ ہوتا ہے آزادانہ کھیل بچوں کو بات چیت جھگڑا حل کرنے اور دوسروں کے ساتھ رہنے کی تربیت دیتا ہے مگر اسکرینوں نے ان مواقع کو کم کر دیا ہے سوشل میڈیا پر فلٹر والی تصاویر اور لائکس کی دوڑ بچوں میں موازنہ اور کم خود اعتمادی پیدا کر رہی ہے آن لائن دھمکیاں اور زہریلا مواد اضطراب اور اداسی بڑھا رہا ہے پاکستان میں ذہنی صحت کے ماہرین بتاتے ہیں کہ اسکرین کا زیادہ استعمال بچوں میں چڑچڑا پن الگ تھلگ رہنے اور جذباتی بے چینی بڑھا رہا ہے حقیقی دوستیاں کم ہو رہی ہیں جبکہ مجازی رابطوں نے ان کی جگہ لے لی ہے خاندانی وقت جیسے کھانے کی میز پر بات چیت بھی اسکرینوں کی وجہ سے متاثر ہو رہی ہے لڑکے گیمنگ کی طرف زیادہ جاتے ہیں یہ سب بچوں کی شخصیت کو کمزور بنا رہے ہیں اور انہیں زندگی کی حقیقی مشکلات کا سامنا کرنے کے لیے تیار نہیں کر رہے۔ ثقافتی نقصان بھی بہت بڑا ہے پاکستان کی روایتی ثقافت میں بچپن پتنگ اڑانے گلیوں میں کرکٹ کھیلنے کہانیاں سننے اور گھریلو کاموں سے بھرا ہوتا تھا یہ سرگرمیاں تفریح کے ساتھ ساتھ اچھی اقدار اور برادری کا احساس بھی سکھاتی تھیں مگر اسکرینوں نے ان روایات کو کمزور کر دیا ہے بچے عالمی تیار کردہ مواد میں کھو جاتے ہیں جس سے مقامی زبان روایات اور اقدار متاثر ہو رہی ہیں بزرگوں کا احترام اور خاندانی رشتے کمزور پڑ رہے ہیں بچپن کی آزادانہ کھیلنے کی صلاحیت خطرے میں ہے اسکرینوں نے بچوں کو گھر کے اندر بند کر کے ان کی تخلیقی اور جسمانی طاقت محدود کر دی ہے۔ ٹیکنالوجی بنانے والی کمپنیاں نشے جیسے فیچرز استعمال کرتی ہیں جیسے لامتناہی سکرولنگ اور خود بخود چلنے والا مواد یہ بچوں کی خود کنٹرول کی صلاحیت کم کرتے ہیں پاکستان میں قوانین موجود ہیں مگر ان پر عملدرآمد کمزور ہے آگاہی مہمات اور سخت قوانین کی ضرورت ہے تاکہ بچوں کو برے مواد سے بچایا جا سکے۔ اس مسئلے کا حل ممکن ہے اگر سب مل کر کوشش کریں والدین سب سے اہم ہیں گھر میں اسکرین سے پاک وقت اور جگہیں بنائیں جیسے کھانے کی میز سونے کا وقت اور صبح کے پہلے گھنٹے والدین خود نمونہ بنیں اور بچوں کے ساتھ پارک جانا کتابیں پڑھنا گھر میں کھیلنا اور باہر نکلنا شامل کریں سکولوں میں باہر کی تعلیم فون لطیفہ کھیل اور تخلیقی کاموں کو قیمتی سرمایہ بنیں۔

شوبز SHOWBIZ

خدا کی راہ میں تقسیم کرنے سے مال کم نہیں ہوتا' ریشم

کسی کی تکلیف دور کر کے جو دلی سکون ملتا ہے اسے الفاظ میں بیان نہیں کیا جا سکتا

لاہور (یو این پی) نامور اداکارہ ریشم نے کہا ہے کہ خدا کی راہ میں تقسیم کرنے سے مال کم نہیں ہوتا بلکہ آپ کے پاس جو مال موجود ہوتا ہے اس میں برکت آتی ہے، لوگ کیا کہیں گے اگر آپ اس سوچ میں پڑ جائیں گے تو آپ پرسکون زندگی نہیں گزار سکیں گے اس لئے اپنے اردگرد کو نظر انداز کر کے آگے بڑھتے جائیں۔ ایک انٹرویو میں ریشم نے کہا کہ میں انسانیت سے پیار کرتی ہوں، اگر کوئی انسان مشکل میں ہو اور مجھے اس کا معلوم ہو جائے تو میں پھر سکون میں نہیں رہتی اور میری کوشش ہوتی ہے خدا کی توفیق سے کسی طرح اس کی مشکل کو دور کروں۔ اس کے بعد آپ کو جو دلی تسکین ملتی ہے اسے الفاظ میں بیان نہیں کیا جا سکتا۔ ریشم نے کہا کہ میں نے کوئی ایسا شخص نہیں دیکھا جو خدا کی راہ میں مال خرچ کرتا ہو اور اسے کبھی پریشانی آئی ہو لیکن شرط یہ ہے کہ اس میں اخلاص ہونا چاہیے کیونکہ خدا کی ذات کو اخلاص بہت پسند ہے۔

لاہور خالی جیب آیا، سینما اور مسجد کے اندر سویا' ساجن عباس

جب پہلی بار گاڑی لی تو میری خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہیں تھا' انٹرویو میں گفتگو

لاہور (یو این پی) نامور کامیڈین اداکار ساجن عباس نے کہا ہے کہ مجھے لاہور شہر نے بڑی عزت دی، یہاں خالی جیب آیا اور سینما اور مسجد کے اندر بھی سویا۔ ایک انٹرویو میں ساجن عباس نے کہا کہ میں جب فیصل آباد سے لاہور آیا تو جیب میں صرف پچاس روپے تھے، جب لاری اڈے اترا تو یہ معلوم نہیں تھا آگے کہاں جانا ہے۔ پہلے پہل ایک سینما میں سوتا تھا لیکن اس کے مالک نے اپنے ملازمین سے کہہ کر مجھے وہاں سونے سے منع کر دیا۔ اگلی رات جب سونے کے لئے کوئی جگہ نہیں تھی تو کئی کلومیٹر تک پیدل چلتا رہا اور جب تھک گیا تو ایک مسجد دیکھی تو اس وقت رات کافی ہو چکی تھی دروازہ پر دستک دی تو مسجد کے امام باہر آئے اور میں نے بتایا میرے پاس سونے کیلئے جگہ نہیں ہے، انہوں نے مجھے مسجد کے اوپر والے حصے میں سلا دیا۔ سردی کا یہ عالم تھا کہ میں مسجد میں لپیٹ کر رکھی ہوئی صفوں کے اندر گھس کر سو گیا اور صبح بڑی دیر سے اٹھا۔ وہاں میں نے جو دعا مانگی وہ قبول ہوئی۔ ساجن عباس نے کہا کہ میں نے جب پہلی بار گاڑی لی تو میری خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہیں تھا۔

عاصم اظہر کی ہسپتال سے تصویر سامنے آنے پر مداح تشویش میں مبتلا

لاہور (یو این پی) معروف گلوکار عاصم اظہر کی اسپتال سے تصویر سامنے آنے پر مداح تشویش میں مبتلا ہو گئے۔ فوٹو اور ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام اسٹوری میں گلوکار عاصم اظہر نے سیلفی شیئر کی جس میں انہیں نیبولائزر ماسک پہنے دیکھا جا سکتا ہے۔ تصویر شیئر کرتے ہوئے کیپشن میں انہوں نے ویکلم بیک لکھا جس کے بعد مداح ان کی صحت کے حوالے سے پریشان ہو گئے۔ گلوکار نے دوسری انسٹاگرام اسٹوری میں وضاحت کی کہ کوئی سنگین مسئلہ نہیں ہے اور وہ گلے کے انفیکشن سے صحتیاب ہو رہے ہیں۔ عاصم اظہر نے مداحوں کو مخاطب کرتے ہوئے لکھا کہ او کے، معذرت، میرا مقصد کسی کو پریشان نہیں تھا بس ٹانسلز کا انفیکشن ہوا ہے۔

پاکستان سمیت دنیا بھر میں موسیقی کا عالمی دن

''ورلڈ میوزک ڈے'' (آج) منایا جائے گا

لاہور (یو این پی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں موسیقی کا عالمی دن ''ورلڈ میوزک ڈے'' (آج) 21 جون کو منایا جائے گا اس دن کے منائے جانے کا مقصد تمام ملکوں کی ثقافت کو موسیقی کے ذریعے اجاگر کرنا ہے ورلڈ میوزک ڈے کے حوالے سے فیصل آباد سمیت ملک بھر میں شعبہ موسیقی سے وابستہ افراد، میوزک گروپس، ریڈیو اور ٹی وی سے وابستہ سنگرز اور تنظیموں کے زیر اہتمام مختلف فکشنز کا اہتمام کیا جائے گا جس میں موسیقی کے فروغ اور اس سلسلے میں درپیش مسائل پر اظہار خیال کیا جائے گا۔ ورلڈ میوزک ڈے کی ابتدا 1981ء سے ہوئی جس کے بعد پاکستان سمیت دنیا بھر میں ہر سال 21 جون کو موسیقی کا عالمی دن منایا جاتا ہے۔

☆☆☆

از دفتر میونسپل کمیٹی کھیوڑہ

اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ میونسپل کمیٹی کھیوڑہ

مراسلہ نمبر 431/430: مورخہ: 2026.12.19

حاضری برائے مقدمہ خلع فریحہ کنول۔ مدیحہ کنول دختر ساجد حسین بنام دانش عثمان۔ محمد عمران ولد محمد عثمان ساکن گول چوک لیاقت آباد تحصیل پپلاں ضلع میانوالی۔ آپ کو بذریعہ آخری نوٹس ہذا اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ دفتر ہذا میونسپل کمیٹی کھیوڑہ میں آپ کا مقدمہ خلع درج ہے جس پر آپ حاضر نہ ہونے ہیں۔ آپ کو بذریعہ اخبار اشتہار آخری نوٹس جاری مورخہ 23-6-2026 کو حاضری کا آخری موقع دیا جاتا ہے۔ اس کے بعد یکطرفہ کارروائی کرتے ہوئے فیصلہ کر دیا جائے گا اور آپ کا کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

المشتہر: اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ

بقیہ 1

پر اتفاق ہوا ملاقات میں کینیڈین پلسز ایسوسی ایشن اور پاکستان کی کینولا ایسوسی ایشن کے مابین اشتراک پر بھی اتفاق کیا گیا۔ دوطرفہ معاشی تعاون بڑھانے کیلئے دونوں جانب سے فوکل پرسنز مقرر کردیئے گئے۔ ملاقات میں ماہ اگست میں کینیڈا میں ہونے والی انٹرنیشنل ایکسپو کے حوالے سے بھی بات چیت ہوئی۔ اس موقع پر صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کینیڈا میں ہونے والی انٹرنیشنل ایکسپو میں پنجاب سے وزارتی اور تجارتی وفد بھرپور شرکت کرے گا یہ ایکسپو کینیڈا سے پنجاب میں نئی سرمایہ کاری لانے میں کلیدی کردار ادا کرے گی، کینیڈا میں ہونے والی انٹرنیشنل ایکسپو میں پنجاب کے وفد کی شرکت سے دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری کو فروغ ملے گا کینیڈا میں ہونے والی ایکسپو میں پنجاب کی بھرپور شرکت سے پنجاب میں سرمایہ کاری کے نئے دور کا آغاز ہوگا۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ چین کے دوروں کے دوران طے پانے والے معاہدوں کو عملی شکل دینے سے پنجاب میں نئی سرمایہ کاری آئی ہے امید کرتے ہیں کہ کینیڈا سے بھی پنجاب میں سرمایہ کاری آئے گی ہائی کمشنر کینیڈا کے سرمایہ کاروں کو پنجاب میں سرمایہ کاری کے مواقع سے آگاہ کریں گے۔ ہماری ملاقات پنجاب میں کینیڈین سرمایہ کاری کے حوالے سے نتیجہ خیز ثابت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ورلڈ ٹریڈ ڈیولپرانکارپوریٹڈ پنجاب میں کینیڈین سرمایہ کاری لانے کیلئے کوشاں ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ پنجاب کے سپیشل اکنامک زونز میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں کینیڈا کے سرمایہ کار پنجاب میں سرمایہ کاری کے مواقع سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں، کینیڈا کے ہائی کمشنر طارق علی خان نے کہا کہ کینیڈا اور پاکستان کے مابین تجارتی تعلقات اور دوستی کا رشتہ موجود ہے۔ دوطرفہ معاشی تعاون اور سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ کینیڈین سرمایہ کار کمپنیوں کو پنجاب میں سرمایہ کاری کے مواقع سے آگاہ کیا جائے گا، سی ای او ورلڈ ٹریڈ ڈیولپر رانا تنویر نے کہا کہ ورلڈ ٹریڈ ڈیولپر کینیڈا میں ہونے والی انٹرنیشنل ایکسپو میں حکومت اور نجی شعبے کے مابین تمام پروگراموں کی میزبانی کرے گی۔ پنجاب سرمایہ کاری بورڈ کے ڈائریکٹر ڈاکٹر عمران ہاشمی بھی ملاقات میں موجود تھے۔

بقیہ 2

ذکر کے 2 جولائی کی تاریخ دے دی، پوسٹل بیلٹ کی گنتی میں جیتنے والے پی پی پی امیدوار کو قانونی تقاضے پورے کیے بغیر ہرا کر مخالف کو فارم 49 جاری کیا گیا۔ نیئر حسین بخاری نے کہا کہ الیکشن قوانین کے تحت پولنگ کے 14 دن کے اندر آفیشل گزٹ جاری ہونا ضروری ہے، جواب تک نہیں ہوا۔ انہوں نے کہا کہ آفیشل گزٹ جاری ہونے سے پہلے ہی چیف الیکشن کمشنر نے آزاد امیدوار کو آئی پی پی کا ممبر قبول کرکے پری میچور فیصلہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ جی بی میں معاملات آئین اور قانون کے مطابق نہیں چل رہے، پی پی پی کا راستہ روکنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی پی پی کے پاس مخصوص اور ٹیکنوکریٹ نشستیں ملا کر 17 سے 19 سیٹوں کی واضح اکثریت بنتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئی پی پی کی قیادت نے پیپلز پارٹی سے ملاقات کر کے حکومت سازی میں تعاون کے بدلے وزارتوں کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی پی پی قیادت فیصلہ کرے گی کہ حکومت کیسے بنانی ہے اور کس کو اتحاد میں شامل کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میری قمر زمان کائرہ اور امجد حسین ایڈووکیٹ کی امیر مقام اور حافظ حفیظ الرحمٰن سے ملاقات ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انشاء اللہ گلگت بلتستان میں پاکستان پیپلز پارٹی حکومت بنائے گی۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد کے لیول پر مسلم لیگ (ن) کے ساتھ بھی بات چیت ہوئی ہے، سیاسی ڈائیلاگ کا عمل جاری ہے۔

بقیہ 3

فیصل آباد، آر پی او، سی ٹی او فیصل آباد ڈویژن کے تمام ڈپٹی کمشنرز اور ڈی پی اوز نے شرکت کی۔ اجلاس میں محرم الحرام کے دوران امن وامان، سکیورٹی، ٹریفک مینجمنٹ اور عوامی سہولیات کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ کمشنر فیصل آباد، آر پی او، سی ٹی او، ڈپٹی کمشنرز اور ڈی پی اوز نے انتظامات کے حوالے سے بریفنگ دی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اطلاعات وثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے ہدایت کی کہ تمام مجالس اور جلوسوں کے راستوں پر فول پروف سکیورٹی انتظامات یقینی بنائے جائیں اور کسی بھی ناخوشگوار واقعے کی روک تھام کے لیے تمام متعلقہ ادارے مکمل ہم آہنگی کے ساتھ فرائض انجام دیں۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ عاشورہ محرم کے موقع پر مساجد کے باہر نمازیوں کے لیے بھی سبیلوں کا انتظام کیا جائے تاکہ شدید گرمی کے موسم میں شہریوں کو سہولت فراہم کی جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ تمام مجالس اور جلوسوں کے منتظمین کے ساتھ ضلعی انتظامیہ مسلسل رابطے میں ہے اور باہمی تعاون سے تمام انتظامات کو حتمی شکل دی جا رہی ہے۔ وزیر اطلاعات نے حضرت سلطان باہوؒ کے عرس اور ضلع چنیوٹ میں منعقد ہونے والی شہادت کانفرنس کے لیے بھی جامع سکیورٹی اور انتظامی اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ جلوسوں کے روٹس پر مسلسل ٹھنڈے پانی کا چھڑکاؤ کیا جائے گا تاکہ موسم کی شدت کو کم کیا جا سکے۔ اس مقصد کے لیے فیصل آباد میں سموگ گنز بھی فراہم کردی گئی ہیں۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران میڈیا اور سوشل میڈیا پر بھرپور آگاہی مہم چلائی جائے تاکہ شہریوں کو ٹریفک پلان، سکیورٹی انتظامات اور دیگر ضروری معلومات سے آگاہ رکھا جا سکے۔ انہوں نے بتایا کہ فیصل آباد ڈویژن میں تمام مسالک کے علماء کرام کے ساتھ انتظامیہ کے افسران مسلسل رابطے میں ہیں اور بین المسالک ہم آہنگی کے فروغ کے لیے مشترکہ کاوشیں جاری ہیں۔ وزیر اطلاعات وثقافت پنجاب نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت پنجاب محرم الحرام کے دوران امن، بھائی چارے اور مذہبی ہم آہنگی کے قیام کے لیے تمام ضروری اقدامات بروئے کار لائے گی اور عزاداروں کو ہرممکن سہولت فراہم کی جائے گی۔ اس موقع پر وزیر ٹرانسپورٹ پنجاب بلال اکبر نے کہا کہ تمام مساجد اور امام بارگاہوں کے باہر پولیس کی مناسب نفری تعینات کی جائے جبکہ ٹریفک پولیس جلوسوں کے روٹس پر متبادل راستوں کے بارے میں عوام کو بروقت آگاہی فراہم کرے۔

بقیہ 4

ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر کی ہدایت پر ایس ایس پی ٹریفک ہیڈکوارٹرز سید ندیم عباس نے تمام سٹی ٹریفک افسران اور ضلعی پولیس افسران کو مراسلہ جاری کر دیا ہے۔ مراسلے کے مطابق فائر ایمرجنسی سے نمٹنے کے لیے ہر پبلک سروس گاڑی میں فائر ایکسٹنگوشر کی موجودگی لازمی ہوگی۔ اس کے علاوہ ہنگامی حالات میں مسافروں کی مدد اور ریسکیو کے لیے ایمرجنسی ہتھوڑا، ٹارچ اور فرسٹ ایڈ باکس بھی گاڑی میں رکھنا ضروری ہوگا۔ حکام کے مطابق ریفلیکٹو تکونی کونز، ٹووِنگ رسی اور حفاظتی دستانے بھی تمام پبلک سروس گاڑیوں میں لازمی سامان کا حصہ ہوں گے تاکہ حادثات یا دیگر ہنگامی صورتحال میں بروقت اور موثر کارروائی ممکن بنائی جا سکے۔ ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر نے کہا ہے کہ حفاظتی سامان کے بغیر چلنے والی پبلک سروس گاڑیوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ٹریفک پولیس، ریسکیو اداروں کے اشتراک سے ٹرانسپورٹرز کو ہنگامی حالات سے نمٹنے کی عملی مشقیں بھی کروائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ انسانی جانوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے روڈ سیفٹی قوانین پر سختی سے عملدرآمد کرایا جائے گا اور اس حوالے سے کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 5

بق امریکہ اور ایران کے مابین ہونے والے تاریخی امن معاہدے 'اسلام آباد مفاہمتی یادداشت' کے بعد امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے پھر سے پاکستانی قیادت اور ملک کے داخلی سیاسی وعسکری ڈھانچے کے حوالے سے تعریفی بیان دیا ہے، ایک انٹرویو میں ڈونلڈ ٹرمپ نے پاکستان کے عسکری اور سیاسی تعلقات کو دنیا کے لیے ایک بہترین مثال قرار دے دیا۔ امریکی صدر نے کہا کہ امریکہ اور ایران کو جنگ کے دہانے سے واپس لانے اور امن قائم کرانے میں پاکستان کا کردار سب سے اہم تھا، پاکستان میں فیلڈ مارشل عاصم منیر اور وزیراعظم محمد شہباز شریف کے درمیان ورکنگ ریلیشن شپ اور تعلقات بہت اچھے ہیں، فیلڈ مارشل عاصم منیر عظیم ہیں اور ان کے وزیراعظم بھی، دونوں کے آپس میں شاندار اور اچھے تعلقات ہیں۔ ٹرمپ نے مزید سراہتے ہوئے کہا کہ یہ منظر دیکھنا انتہائی خوبصورت ہے کہ ملک کا ایک فوجی سربراہ پوری طرح سے اپنے وزیراعظم کا احترام کرتا ہے، پاکستانی قیادت نے ایران کے ساتھ مفاہمتی یادداشت طے کرنے میں امریکہ کی بہت بڑی مدد کی، کیونکہ پاکستانی حکام ایرانیوں کو بہت اچھے طریقے سے جانتے اور سمجھتے تھے، ہم نے ایران کو فوجی سطح پر پوری طرح شکست دے دی تھی، اس نازک موڑ پر پاکستان نے، جو کہ امریکہ کے بہت قریب ہے، مجھ سے باقاعدہ درخواست کی کہ ایران پر مزید فوجی حملے نہ کیے جائیں، جس کے بعد مذاکرات اور امن کا راستہ اختیار کیا گیا۔

بقیہ 6

ین انسانیت کے لیے ایک کڑے امتحان کے مترادف ہے۔ دنیا کو ادراک ہونا چاہیے کہ پناہ مانگنے والا کمزور نہیں، مظلوم ہوتا ہے۔ پاکستان نے محدود وسائل کے باوجود فراخدلی سے لاکھوں مہاجرین کی با عزت طریقے سے میزبانی کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ مظلوموں کی آواز بنا ہے، مہاجرین کی فلاح کے لیے آواز بلند کرتے رہے گے۔ دعا ہے کہ دنیا میں امن قائم ہو، ظلم کا خاتمہ ہو اور ہر انسان کو اپنے شہر اور اپنے گھر میں سکون نصیب ہو۔

بقیہ 7

جیل میں سماعت کرتے ہوئے تھانہ مغلپورہ کے مقدمہ نمبر 1570/23 کا فیصلہ سنایا ہے، یہ 9 مئی کے واقعات سے متعلق اب تک کا 8 واں مقدمہ ہے، جس کا فیصلہ عدالت کی طرف سے جاری کیا گیا، عدالت نے استغاثہ کے دلائل اور شواہد کی بنیاد پر تحریک انصاف کی اعلیٰ قیادت کو سخت سزا کا حکم دیا۔ بتایا گیا ہے کہ سزا پانے والوں میں ڈاکٹر یاسمین راشد، عمر سرفراز چیمہ، میاں محمود الرشید اور اعجاز چوہدری شامل ہیں، ان تمام رہنماؤں کو 10،10 سال قید کی سزا سنائی گئی ہے، ان رہنماؤں پر الزام تھا کہ انہوں نے 9 مئی کی بغاوت اور فسادات کی باقاعدہ سازش تیار کی تھی اور کارکنان کو جلاؤ گھیراؤ اور ریاستی اداروں کے خلاف اکسایا تھا، اس فیصلے میں جہاں مرکزی قیادت کو سزائیں ہوئیں، وہاں کئی شخصیات اور کارکنان کو ریلیف بھی ملا ہے معلوم ہوا ہے کہ مرکزی قیادت کے علاوہ جلاؤ گھیراؤ میں ملوث پائے جانے والے 4 پی ٹی آئی کارکنان کو بھی عدالت نے مجرم قرار دیتے ہوئے قید کی سزا سنائی ہے، سزا پانے والے کارکنان میں شاہ دین، خاور حسین، احمد زاہد اور حافظ سید الرحمان شامل ہیں جنہیں 10،10 سال قید کاٹنی ہوگی، عدالت نے پی ٹی آئی کے وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی کو اس مقدمے سے مکمل طور پر بری کرنے کا حکم جاری کیا، عدالت نے جرم ثابت نہ ہونے پر 11 کارکنان کو بھی بری کردیا۔ بتایا جارہا ہے کہ اس مقدمے میں پی ٹی آئی رہنماؤں سمیت مجموعی طور پر 22 ملزمان نامزد تھے، مقدمے کے 2 ملزمان سزا کے خوف سے عدالت سے اشتہاری ہوچکے ہیں، جس کے باعث عدالت نے باقی 20 ملزمان کا فیصلہ سنایا، پراسیکیوشن نے ملزمان کے خلاف جرم ثابت کرنے کے لیے عدالت میں 37 گواہان پیش کیے اور انہیں سخت سے سخت سزا دینے کی استدعا کی تھی، جسے عدالت نے منظور کرلیا۔

بقیہ 8

کے مطابق چوری کا مقدمہ چندروز قبل تھانہ رواٹ میں درج کیا گیا تھا، جس کے بعد زیر حراست بہن بھائی سے 26 لاکھ روپے برآمد کر لیے گئے۔ ملزمان سے ملکی و غیر ملکی کرنسی اور طلائی زیورات اور دیگر سامان بھی برآمد ہوا ہے۔ پولیس کے مطابق زیر حراست ملزمان اہل خانہ کی غیر موجودگی میں چوری کی واردات کر کے فرار ہو گئے تھے۔

بقیہ 9

جلاس منعقد ہوا۔ ترقیاتی منصوبوں میں ساڑھے 4 ارب روپے کی لاگت سے ہربنس پورہ تا پھاٹک صدر کینٹ ٹرنک سیوریج، 1 ارب 10 کروڑ روپے کی لاگت سے یوسی 148 کے آمنہ پارک میں ٹیوب ویلز، گلیوں کی مرمت، سیوریج اور صاف پانی کی فراہمی سمیت دیگر منصوبہ جات شامل ہیں۔ اس موقع پر سلمان ایکسین واسا، ایکسین ایم سی ایل وہاب، ڈپٹی ڈائریکٹر ایل ڈی اے عقیل انور و دیگر افسران موجود تھے۔ اس موقع پر سید اخلاص شاہ اور عبدالوہاب موجود تھے۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ پی پی 153 میں سینکڑوں گلیوں کی مرمت مکمل جبکہ مختلف ترقیاتی اسکیموں پر تیزی سے کام جاری ہے، جن کی تکمیل سے لاکھوں علاقہ مکینوں کو بہتر سہولیات میسر آئیں گی۔ صوبائی وزیر صحت نے واضح کیا کہ عوامی مسائل کا حل حکومت کی اولین ترجیح ہے اور ترقیاتی منصوبوں کی شفاف نگرانی جاری رکھی جا رہی ہے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ پی پی 153 میں جاری ترقیاتی منصوبوں کو ڈیڈ لائن پر مکمل کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے۔ عوام کی ترقی وخوشحالی کا سفر جاری رہے گا۔ ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ ترقیاتی منصوبوں کو مسلسل مانیٹر کیا جا رہا ہے۔

بقیہ 10

اپنے ڈیرے پرن لیگیوں اور میڈیا سے اظہار خیال کر رہے تھے، نواز شریف میڈیکل ڈسٹرکٹ میں منصوبے کے تحت 1519 بیڈز پر مشتمل سات بڑے ہسپتال مرحلہ وار تعمیر کرنے کا پلان، جبکہ نواز شریف میڈیکل ڈسٹرکٹ میں انسٹیٹیوٹ آف سرجیکل آرتھوپیڈک اینڈ میڈیکل ری ہیب اور چلڈرن ہسپتال فور کے قیام کی منظوری بھی دی ہے، میڈیکل ڈسٹرکٹ میں پلاسٹک، ریکنسٹرکٹو سرجری اینڈ برن سنٹر، انسٹیٹیوٹ آف جینیٹک اینڈ بلڈ ڈیزیز، سنٹر آف ایکسی لینس نرسنگ اینڈ مڈوائفری، انسٹیٹیوٹ آف آپتھلمالوجی اور انفکشن ڈیزیز ہسپتال قائم کرنا بھی منصوبے میں شامل ہے، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت چار منصوبے کامیابی سے فعال ہو چکے ہیں جبکہ 27 منصوبوں کی فزیبلٹی تیار کرلی گئی ہے اور دیگر منصوبوں پر کام جاری ہے۔

بقیہ 11

زر کا ہدف پورا کردیں گے، ہماری کوششیں رنگ لائیں اور خطے میں جنگ کے بادل چھٹ گئے جس کیلئے فیلڈ مارشل عاصم منیر، وزیراعظم شہباز شریف اور عوام کو مبارکباد دیتا ہوں۔ ہفتہ کو 407 کھرب 41 ارب 55 کروڑ روپے سے زائد کے غیر تصویبی لازمی اخراجات کی تفصیلات قومی اسمبلی میں پیش کر دی گئیں جن کے مطابق ملکی قرضوں کی ادائیگی کیلئے 259 کھرب 92 ارب 20 کروڑ روپے سے زائد مختص کیے گئے ہیں، ملکی قرضوں پر سود کی ادائیگی کیلئے 69 کھرب 82 ارب روپے سے زائد جبکہ غیر ملکی قرضوں کی ادائیگی کے لیے 58 کھرب 36 ارب روپے سے زائد مختص کیے گئے ہیں، غیر ملکی قرضوں پر سود کی ادائیگی کیلئے 10 کھرب 71 ارب 39 کروڑ روپے سے زائد مختص کیے گئے ہیں، سپریم کورٹ کیلئے 7 ارب 44 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں، وفاقی آئینی عدالت کیلئے 6 ارب 4 کروڑ روپے سے زائد جبکہ اسلام آباد ہائی کورٹ کیلئے 2 ارب 36 کروڑ روپے سے زائد مختص کیے گئے ہیں، آڈٹ کیلئے 9 ارب 82 کروڑ روپے سے زائد مختص کیے گئے ہیں، وفاقی محتسب کیلئے 2 ارب 12 کروڑ 35 لاکھ روپے سے زائد جبکہ وفاقی ٹیکس محتسب کیلئے 64 کروڑ 55 لاکھ روپے مختص کیے گئے ہیں، الیکشن کیلئے 10 ارب 57 کروڑ 75 لاکھ روپے مختص کیے گئے ہیں۔ دستاویز کے مطابق قلیل مدتی بیرونی قرضوں کی ادائیگی کیلئے ایک کھرب 30 ارب روپے سے زائد مختص کیے گئے ہیں۔ گرانٹس اور متفرق اخراجات کیلئے 57 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔ دستاویز کے مطابق قومی اسمبلی کیلئے 7 ارب 96 کروڑ روپے جبکہ سینیٹ کیلئے 6 ارب 42 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں۔ الاؤنسز، کہن سالی اور پنشن کیلئے 6 ارب 93 کروڑ روپے، فارن مشنز کیلئے 50 کروڑ روپے جبکہ شعبہ قانون وانصاف کیلئے 53 کروڑ 94 لاکھ روپے مختص کیے گئے ہیں، صدر مملکت کے پبلک آفس کے ملازمین کے الاؤنسز کیلئے 96 کروڑ 37 لاکھ روپے مختص کیے گئے ہیں دستاویز کے مطابق صدر مملکت کے پرسنل آفس کے ملازمین کے الاؤنسز کیلئے ایک ارب 83 کروڑ روپے سے زائد مختص کیے گئے ہیں، جبکہ پاکستان پوسٹ کے لیے 50 لاکھ روپے مختص کیے گئے ہیں۔ بعد ازاں قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ تنخواہ دار طبقے پر بوجھ ڈالنے کی بجائے ٹیکس نیٹ میں اضافے پر زور دیا ہے، ٹیکس نیٹ بڑھانے کیلئے ریٹیلرز کو نظام کا حصہ بنانے پر کام جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ عظیم الدین زاہد اور خواجہ شیراز نے بجٹ کے اعداد وشمار سے متعلق اعتراض کیا، کاش یہ اعتراضات تحریک استحقاق کی بجائے ایوان میں بات کرتے۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل اکاؤنٹس سے متعلق اعداد وشمار میں کوئی تبدیلی نہیں آئی، معاشی اعشاریوں میں کوئی تبدیلی نہیں لائی گئی۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان نے امریکہ ایران جنگ روک کر مخلص کردار ادا کیا، امریکہ ایران معاہدے سے ہمارا قومی وقار بلند ہوا، بجٹ بحث ہر تمام اراکین اسمبلی اور سینیٹ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ بعض تجاویز کو فنانس بل میں شامل کرنا ارادہ ہے، اس سال اکتالیس ارب ڈالر کے ترسیلات زر کا ہدف پورا کردیں گے، آئی ٹی ایکسپورٹ ساڑھے چار ارب ڈالر ہونے کی توقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ تنخواہ دار طبقے پر بوجھ ڈالنے کی بجائے ٹیکس نیٹ میں اضافے پر زور دیا ہے، ٹیکس نیٹ بڑھانے کیلئے ریٹیلرز کو نظام کا حصہ بنانے پر کام جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایف بی آر کی کارکردگی پر تنقید کی گئی، ہماری حکومت نے دو سالوں میں چودہ ارب ڈالر کے اضافی محصولات جمع کیے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ ہماری کوششیں رنگ لائیں اور خطے میں جنگ کے بادل چھٹ گئے جس کیلئے فیلڈ مارشل عاصم منیر، وزیراعظم شہباز شریف اور عوام کو مبارکباد دیتا ہوں، پاکستان نے جنگ رکوا کر بڑا کارنامہ سرانجام دیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے گزشتہ بجٹ میں ہی سمت واضح کردی جس کے باعث معاشی استحکام آیا، ہماری صنعتیں رواں دواں ہیں اور کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ سرپلس ہے، ہمارا برآمدی شعبہ بہتری دکھا رہا ہے، آئی ٹی ایکسپورٹ میں 20 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ ہم نے ٹیکس نظام میں بنیادی اصلاحات کی ہیں، ٹیکس گزار اور ٹیکس افسر کے درمیان تعلق ختم ہوگا اور فیس لیس سسٹم اس کی جگہ لے گا۔

بقیہ 12

سے آنے والے ایک بے قابو اور تیز رفتار ٹرک نے ان کی موٹر سائیکل کو زوردار ٹکر ماردی۔ ٹکر اتنی شدید تھی کہ خاتون اچھل کر ٹرک کے نیچے آگئیں اور ٹرک کے ٹائروں تلے کچلے جانے کے باعث موقع پر ہی دم توڑ گئیں، جبکہ ان کے شوہر گرنے کے باوجود معجزانہ طور پر معمولی چوٹوں کے ساتھ محفوظ رہے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیم فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئی۔ ریسکیو اہلکاروں نے جائے حادثہ سے متوفیہ کی میت کو ضروری قانونی کارروائی اور پوسٹ مارٹم کے لیے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال گوجرخان منتقل کیا۔

بقیہ 13

پیش آیا، جس کے نتیجے میں راشد چاچڑ اور غلام مصطفیٰ بنگوار شدید زخمی ہو گئے۔ دونوں زخمیوں کو فوری طور پر طبی امداد فراہم کرنے کی کوشش کی گئی، تاہم وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گئے۔ حادثے کے بعد علاقے میں کہرام مچ گیا اور فضا سوگوار ہوگئی۔ اطلاع ملنے پر امدادی ٹیمیں اور مقامی افراد جائے وقوعہ پر پہنچ گئے اور جاں بحق افراد کی لاشوں کو تحویل میں لے کر سول اسپتال کندھ کوٹ منتقل کردیا گیا۔ پولیس کے مطابق حادثے کی وجوہات جاننے کے لیے تحقیقات جاری ہیں، جبکہ ضروری قانونی کارروائی کے بعد لاشیں ورثاء کے حوالے کردی جائیں گی۔

بقیہ 14

کردی جس کے نتیجے میں اشوک لال کی ٹانگ میں گولی لگی اور وہ زخمی ہوگیا۔ فائرنگ کے دوران ایک راہگیر سلیمان جلھرانی بھی انگلی میں گولی لگنے سے زخمی ہوگیا۔ واقعے کے بعد ملزمان موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے اطلاع ملنے پر پولیس فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئی، شواہد اکٹھے کیے اور علاقے میں ناکہ بندی کردی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان کی تلاش جاری ہے اور جلد گرفتاری کے لیے کارروائیاں تیز کردی گئی ہیں۔

بقیہ 15

کر دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق بلدیہ گوجرخان کو انڈر پاسز کے ترقیاتی منصوبے کا بخوبی علم ہونے کے باوجود، رمضان المبارک میں شہر کی خوبصورتی کے نام پر لاکھوں روپے کی برقی لائٹس لگائی گئیں جنہیں بعد میں اکھاڑ دیا گیا۔ اب سوال یہ اٹھایا جا رہا ہے کہ وہ مبینہ برقی سامان کہاں غائب ہے؟ یہی نہیں، بلکہ جی ٹی روڈ اور سال پارکس کے اکھاڑے گئے لوہے کے آہنی قیمتی جنگلے، کروڑوں کی اینٹیں، جھولے، سٹریٹ لائٹ پولز، بجلی کی تاریں اور سیمنٹی بلاکس، بنچ بھی منظر عام سے غائب ہیں، جن کا کوئی سرکاری حساب کتاب سامنے نہیں آ سکا۔ مزید برآں، شہر کے چھوٹے نالوں کی صفائی کے لیے جاری 60 لاکھ روپے کا فنڈ کہا استعمال کیا گیا کیونکہ شہر میں نالے کہیں بھی صاف نہیں ہوئے، جبکہ شہر کے مرکزی نالے کی صفائی کا ٹھیکہ مبینہ طور پر لگ بھگ 96 لاکھ روپے کی خطیر رقم میں دیا گیا، لیکن ناقص صفائی کے باعث موسم برسات میں اب بھی کسی بڑے سانحے کا خطرہ منڈلا رہا ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ گوجرخان کے شہری بوند بوند پانی کو ترستے رہے جبکہ فنڈز مبینہ طور پر من پسند افراد کی جیبوں میں جاتے رہے۔ شہریوں نے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ سابق سی او، ان کے منظور نظر ٹولے، ٹھیکیداروں اور انجینئرز کو ہائی پروفائل انکوائری کمیٹی کے سامنے پیش کر کے ایک ایک پائی کا حساب لیا جائے۔

بقیہ 16

متعلقہ محکموں کے سربراہان نے شرکت کی، جبکہ ڈپٹی کمشنرز جہلم، اٹک، چکوال اور مری ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شریک ہوئے۔ اجلاس میں مون سون بارشوں کے دوران ممکنہ اربن فلڈنگ، نالہ جات میں طغیانی اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے کیے جانے والے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ کمشنر راولپنڈی انجینئر عامر خٹک نے ہدایت کی کہ تمام اضلاع اپنی ضروریات اور درکار وسائل کی تفصیلی ڈیمانڈ پی ڈی ایم اے کو ارسال کریں تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں بروقت اور مؤثر ردعمل یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ریسکیو 1122، سول ڈیفنس باقاعدہ موک ایکسرسائز منعقد کریں تاکہ تمام اداروں کی استعداد کار اور ہنگامی ردعمل کے نظام کا عملی جائزہ لیا جاسکے۔ فلڈ ریلیف کیمپوں، ایمرجنسی کنٹرول رومز اور ضلعی ایمرجنسی آپریشن سینٹرز کو مکمل فعال رکھا جائے اور صحت، خوراک، پینے کے صاف پانی اور دیگر بنیادی سہولیات کی دستیابی یقینی بنائی جائے۔ کمشنر راولپنڈی نے مزید کہا کہ واسا، میونسپل کارپوریشن و دیگر متعلقہ ادارے مین ہولز کی جیوٹیگنگ مکمل کر کے مین ہولز پر کورز کی موجودگی یقینی بنائیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ برساتی نالوں، ڈرینج سسٹم، سیوریج لائنوں اور برساتی گزرگاہوں کی مکمل صفائی یقینی بنائی جائے اور پانی کے بہاؤ میں رکاوٹ بننے والی ہر قسم کی تجاوزات اور رکاوٹوں کو فوری طور پر ختم کیا جائے۔ کمشنر راولپنڈی نے مزید کہا کہ شہری علاقوں میں اربن فلڈنگ کے چیلنج سے نمٹنے کے لیے جامع حکمت عملی اختیار کی جائے، جبکہ نشیبی علاقوں میں آبادی کے انخلاء اور محفوظ مقامات پر منتقلی کے لیے پیشگی منصوبہ بندی مکمل رکھی جائے۔ انتظامیہ کی جانب مون سون کے دوران سال ڈیمز، نہروں، برساتی نالوں اور تیز بہاؤ والے مقامات پر نہانے اور تفریحی سرگرمیوں کی حوصلہ شکنی کرتے ہوئے پابندی عائد کرنے کے لئے دفعہ 144 نافذ کی جائے۔

بقیہ 17

کے افسران اور عملہ بھی موجود تھا۔ ڈپٹی کمشنر نے جناح ہال، جی پی او مری، مال روڈ مری اور لوئر بازار سمیت مختلف مقامات کا دورہ کیا اور محرم الحرام کے دوران عوامی سہولیات، صفائی ستھرائی، ٹریفک مینجمنٹ، سیکورٹی انتظامات اور دیگر انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ دورہ کے دوران جناح ہال میں بعض متعلقہ محکموں کا عملہ اپنی ڈیوٹی پر موجود نہ پایا گیا جس پر ڈپٹی کمشنر نے سخت برہمی کا اظہار کیا۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ محرم الحرام کے حساس ایام کے پیش نظر تمام محکمے اپنی ذمہ داریاں پوری سنجیدگی، مستعدی اور بروقت انجام دیں اور ڈیوٹی میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے اس بات پر زور دیا کہ محرم الحرام کے دوران امن وامان کے قیام، عزاداروں کو بہترین سہولیات کی فراہمی اور ٹریفک کی روانی کو یقینی بنانے کے لیے تمام ادارے باہمی رابطے اور مکمل ہم آہنگی کے ساتھ فرائض سرانجام دیں۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ جلوسوں اور مجالس کے روٹس پر تمام ضروری انتظامات بروقت مکمل کیے جائیں تاکہ عزاداروں کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ دورے کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر نے مختلف مقامات پر جاری انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ اداروں کو مزید بہتری کے لیے ضروری ہدایات بھی جاری کیں۔

بقیہ 18

ہاؤس کی تزئین وآرائش کا مشاہدہ کیا۔ پارٹی اجلاس کی صدارت کی جس میں سیاسی امور، تنظیمی معاملات اور دیگر پارٹی امور کا جائزہ لیا گیا۔ صوبائی وزیر نے گزشتہ اڑھائی سالوں کے دوران پنجاب میں سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے اٹھائے گئے اقدامات سے آگاہ کیا۔ اور گجرات شہر کی ترقی کیلئے اٹھائے گئے اقدامات بارے بھی بتایا۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ ہماری پہچان ہے جسے ہمیشہ برقرار رکھنا ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ باہمی اتحاد اور مشترکہ جدوجہد کے ذریعے پارٹی کو ہر سطح پر منظم اور مضبوط کیا جائے گا۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ چوہدری ظہور الٰہی شہید اور چوہدری شجاعت حسین نے ہمیشہ عوامی خدمت، رواداری اور شرافت کی سیاست کی ہے۔ چوہدری شجاعت حسین نے ہمیشہ عام آدمی کی بات کی، کبھی قبضہ گروپوں کو سپورٹ نہیں کیا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ناجائز قابضین کے خلاف ایکشن کیلئے خصوصی فورس بنائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نگران حکومت سے پہلے والی حکومت نے قومی وسائل کو بے دردی سے لوٹا بزدار کے دور حکومت میں اوقاف کی زمینوں پر ناجائز قبضے ہوئے۔ اوقاف کی زمینوں کو ناجائز قابضین سے واگزار کرانے کیلئے ایکشن پلان بنا لیا گیا ہے۔ ناجائز قابضین سے واگزار کرانے کیلئے بھر پور ایکشن ہوگا۔ بزدار حکومت چار سالوں میں کوئی بڑا ہسپتال نہ بنا سکی، موجودہ حکومت نے 2 سال میں 2 بڑے ہسپتال بنادیئے۔ گزشتہ 2 سال میں کاشتکاروں اور محروم معیشت طبقات کیلئے بڑے فلاحی پروگرام شروع کئے گئے ہیں۔ پاکستان مسلم لیگ کے صدر چوہدری شجاعت حسین کی قیادت میں عوامی خدمت کا سفر جاری رہے گا۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ چوہدری شجاعت حسین کا عوامی خدمت کی سیاست کا پیغام گھر گھر پہنچایا جائے۔ پارٹی راہنما عوام سے قریبی رابطہ رکھیں اور ان کے مسائل کے حل پر توجہ دیں۔ پاکستان مسلم لیگ کے مرکزی سیکرٹری جنرل طارق حسن، چیف آرگنائزر ڈاکٹر امجد اور رکن قومی اسمبلی وصدر شعبہ خواتین مسز فرخ خان اس موقع پر موجود تھے مرکزی سیکرٹری اطلاعات مصطفیٰ ملک، صدر پاکستان مسلم لیگ پنجاب سمین خان، کامران سعید عثمانی اور دیگر پارٹی راہنما بھی موجود تھے۔

بقیہ 19

دوطرفہ تعلقات کو مزید فروغ دینے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف نے کہا کہ پاکستان اپنے برادر ملک بنگلہ دیش کیساتھ تعلقات کو انتہائی قدر اور عزت کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ ملاقات میں بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر نے دارالحکومت اسلام آباد کی خوبصورتی اور سرسبز وشادابی کو سراہتے ہوئے کہا کہ دارالحکومت اسلام آباد کو دنیا کے خوبصورت ترین دارالخلافہ میں شمار کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈپلومیٹک انکلیو میں بنگلہ دیش ہائی کمیشن کمپلیکس کی تعمیر میں سی ڈی اے کی جانب سے فراہم کردہ بھرپور تعاون پر شکر گزار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بنگلہ دیش ہائی کمیشن کمپلیکس کی تعمیر اپنے حتمی مراحل میں داخل ہوچکی ہے۔ بنگلہ دیشی ہائی کمشنر نے مزید کہا کہ پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان عوامی سطح پر تعلقات، تجارت اور کئی شعبوں میں معاہدات طے پا رہے ہیں۔ چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف نے کہا کہ سی ڈی اے بنگلہ دیش کمپلیکس منصوبہ سمیت ڈپلومیٹک انکلیو میں دیگر تعمیراتی کاموں کیلئے ہرممکن تعاون کیلئے تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈپلومیٹک انکلیو کی اپگریڈیشن سمیت دیگر بیوٹیفکیشن کے کاموں کا ترجیح بنیادوں پر آغاز کر رہے ہیں۔ جسکے تحت ڈپلومیٹک انکلیو میں کھیلوں کی سہولیات میں اضافہ سمیت کلب ہاؤس جیسے منصوبے شامل ہونگے۔ ملاقات میں اسلام آباد اور ڈھاکہ کو سسٹر سٹیز کا درجہ دینے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ بنگلہ دیشی ہائی کمشنر نے کہا کہ دارالخلافہ اسلام آباد اور ڈھاکہ کے مابین سسٹر سٹی تعلقات قائم کرنا کرنے کیلئے مفاہمتی یادداشت پر جلد اعلیٰ سطح پر دستخط ہونگے اور اس حوالے سے مسودہ تیار کرکے متعلقہ حکام کو منظوری کیلئے بھیج دیا گیا ہے بنگلہ دیشی ہائی کمشنر نے کہا کہ بنگلہ دیش اور پاکستان کے تعلقات ہر آنے والے دن کیساتھ مزید مضبوط ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حال ہی میں بنگلہ دیش کے سول سروس کے افسران کی تربیت کیلئے پاکستان نے میزبانی کی اور اپنے تربیتی پروگرام کے دوران سول افسران نے مختلف شہروں کے دورہ میں اعلیٰ سرکاری عہدیداران سے ملاقاتیں کیں۔ چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف نے کہا کہ ان اقدامات سے دونوں ممالک کے مابین ثقافتی، تعلیمی اور شہری سطح پر تعلقات کو مزید تقویت ملے گی۔ ملاقات کے اختتام پر باہمی تعاون اور شہری سطح پر تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ بھی کیا گیا۔

بقیہ 20

سہیل اشرف نے اس سہولت کا باقاعدہ افتتاح کردیا۔ اس موقع پر چیف آفیسر ایم سی آئی، نادرا اور سی ڈی اے کے افسران بھی موجود تھے۔ بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ یہ سروس پاک آئی ڈی (ID Pak) ایپ پر نیشنل ڈیٹا بیس رجسٹریشن اتھارٹی (NADRA) کے اشتراک سے فراہم کی جارہی ہے۔ اس سروس کو متعارف کروانے کے بعد اسلام آباد کے شہری گھر بیٹھے پیدائش و وفات کے اندراج کیلئے درخواست دے سکیں گے اور انہیں ایم سی آئی اور یونین کونسلز کے دفاتر میں جانے کی ضرورت نہیں پیش آئیگی۔ بریفنگ دیتے ہوئے مزید بتایا گیا کہ اس سہولت کے تحت درخواست جمع کروانے، محفوظ آن لائن ادائیگی کرنے اور ڈیجیٹل سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے تمام مراحل پاک آئی ڈی ایپ کے ذریعے مکمل کئے جاسکیں گے۔ چیف کمشنر اسلام آباد و چیئرمین سی ڈی اے کو بتایا گیا کہ پیدائش و وفات کے اندراج کے نظام کو میٹروپولیٹن کارپوریشن کی جاری ڈیجیٹلائزیشن مہم کے تحت آن لائن کیا گیا ہے۔ اس سہولت کے تحت شہری اب محفوظ آن لائن ادائیگی اور درخواست جمع کروا کر منظور شدہ ڈیجیٹل سرٹیفکیٹ براہ راست اپنے موبائل فون پر وصول کرسکیں گے۔ اس سہولت سے نہ صرف وقت اور وسائل کی بچت ہوگی بلکہ سرکاری خدمات تک رسائی بھی مزید سہل اور شفاف بنے گی۔ چیف کمشنر اسلام آباد و چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ سی ڈی اے، ایم سی آئی اور آئی سی ٹی نادار سمیت دیگر اداروں کے اشتراک سے جدید ٹیکنالوجی کو استعمال میں لاتے ہوئے سروس ڈیلوری کو بہتر بنانے اور شہریوں کو انکی دہلیز پر سہولیات فراہم کرنے کیلئے بھرپور اقدامات اٹھا رہے ہے۔

بقیہ 21

نظام متعارف کرانے اور نئی ہدایات جاری کرنے کے وسیع اختیارات حاصل ہوں گے۔ اس اقدام سے اراضی ریکارڈ کی ڈیجیٹلائزیشن، دیرینہ تنازعات کے خاتمے اور ریونیو نظام میں شفافیت لانے میں مدد ملنے کی توقع ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ نئی ترمیم کے بعد زمینوں کی کنسولیڈیشن کا پرانا اور سست قانونی نظام ختم ہو جائے گا، جبکہ برسوں سے زیر التوا اسکیموں کو مقررہ مدت میں مکمل کرنا لازمی ہوگا۔ اراضی ریکارڈ کو ڈیجیٹل نظام سے منسلک کرنے کا عمل بھی تیز کیا جائے گا۔ دستاویزات کے مطابق اس اقدام سے قبضوں، تقسیم اراضی اور ملکیتی تنازعات کے حل میں تاخیر کم ہوگی، جبکہ کسانوں اور زمین مالکان کو ریکارڈ کی درستگی، انتقالات اور دیگر ریونیو خدمات تک آسان اور تیز رسائی حاصل ہو سکے گی۔ حکومت کو امید ہے کہ نئے نظام سے اراضی کے انتظام وانصرام میں بہتری اور عوامی سہولت میں اضافہ ہوگا۔

بقیہ 22

ل میں مرد، خواتین اور بچے شامل تھے جنہیں پاکستان میں غیر قانونی قیام اور قانونی رہائشی دستاویزات نہ ہونے کی وجہ سے حراست میں لیا گیا تھا۔ افغان حکام کے مطابق سرحدی گزرگاہوں پر پہنچنے کے بعد واپس آنے والے شہریوں کو ضروری امداد اور سہولتیں فراہم کی گئیں جس کے بعد انہیں ان کے آبائی صوبوں کو روانہ کر دیا گیا۔ ٹی وی چینل کے مطابق حالیہ دنوں میں افغان شہریوں کی وطن واپسی کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سے قبل گزشتہ ہفتے کے اختتام پر پاکستانی جیلوں سے رہا ہونے والے 763 افغان قیدی بھی افغانستان واپس پہنچے تھے۔ وطن واپس آنے والے افراد کی رجسٹریشن اور ابتدائی معاونت کے لیے سرحدی مراکز پر خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں تاکہ ان کی اپنے علاقوں تک منتقلی کو یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ 23

حکومتی معاشی پالیسیوں کے منفی اثرات کے خلاف بھرپور آواز بلند کی ہے، جس کے نتیجے میں حکومت کو پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کرنے پر مجبور ہونا پڑا۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ یہ کمی خوش آئند ضرور ہے، لیکن موجودہ معاشی حالات میں یہ ناکافی ہے اور عوام کو مزید ریلیف دینے کی ضرورت ہے۔ محمد جاوید قصوری نے مطالبہ کیا کہ پٹرول کی قیمت فوری طور پر 225 روپے فی لیٹر تک لائی جائے اور پٹرولیم مصنوعات پر عائد تمام لیوی اور اضافی ٹیکسز ختم کیے جائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ عوام پہلے ہی مہنگائی کے شدید بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں، ایسے میں حکومت کے لیے ضروری ہے کہ وہ عوامی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے حقیقی ریلیف فراہم کرے۔ بجلی، گیس، اشیائے خورونوش اور ٹرانسپورٹ کے بڑھتے ہوئے اخراجات نے عام آدمی کی زندگی اجیرن بنا دی ہے جبکہ متوسط اور غریب طبقہ شدید معاشی دباؤ کا شکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں کمی کے ثمرات براہ راست عوام تک پہنچنے چاہئیں۔ بدقسمتی سے اکثر اوقات پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے باوجود ٹرانسپورٹ کرایوں اور روزمرہ استعمال کی اشیاء کی قیمتوں میں خاطر خواہ کمی دیکھنے میں نہیں آتی۔ حکومت کو اس امر کو یقینی بنانا چاہیے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہونے والی کمی کے اثرات عملی طور پر عوام تک منتقل ہوں تاکہ مہنگائی میں حقیقی کمی واقع ہو سکے۔ امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی نے مزید کہا کہ حکومت پٹرول کی قیمتوں کو کم از کم تین سال کے لیے منجمد کرنے کی پالیسی اختیار کرے تاکہ صنعت، تجارت اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں استحکام پیدا ہو۔ مستحکم ایندھن پالیسی سے کاروباری سرگرمیوں کو فروغ ملے گا، پیداواری لاگت میں کمی آئے گی اور ملکی معیشت مضبوط ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی عوامی حقوق کے تحفظ اور مہنگائی کے خاتمے کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی اور ہر فورم پر عوام کی آواز بلند کرتی رہے گی۔ محمد جاوید قصوری نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوام کو ان کا حق دلانے اور معاشی انصاف کے قیام تک جماعت اسلامی کی جدوجہد جاری رہے گی۔

بقیہ 24

بنیاد افواہیں پھیلا کر ملک میں سیاسی بے یقینی اور عدم استحکام پیدا کرنا چاہتے ہیں، حالانکہ حقیقت میں ایسا کوئی معاملہ یا بحث سرے سے موجود ہی نہیں ہے۔ وفاقی مشیر نے مزید کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف اس وقت بہترین انداز میں ملک کو بحرانوں سے نکال کر آگے لے کر جا رہے ہیں، عالمی سطح پر پاکستان کو جس عزت، وقار اور امن پسند ملک کا مقام حاصل ہوا ہے، ایسے کامیاب موقع پر اس نوعیت کی منفی بحث چھیڑنا صرف ملک دشمن عناصر کا ہی شیوہ ہوسکتا ہے، ہماری حکومت نے ہمیشہ سیاسی ڈیڈلاک کو ختم کرنے کے لیے اپوزیشن کے ساتھ سنجیدہ مذاکرات کی مخلصانہ کوشش کی ہے اور اب بھی ہمارے دروازے کھلے ہیں۔ ن لیگی رہنماء نے ماضی کا موازنہ پیش کرتے ہوئے شکوہ کیا کہ جب موجودہ حکمران جماعت خود اپوزیشن میں تھی، تو اس وقت کی حکومت میں ان کے خلاف مذاکرات کے بجائے صرف جھوٹے مقدمات قائم کیے جا رہے تھے اور سیاسی انتقام کا نشانہ بنایا جا رہا تھا، لیکن ہم بدلے کے بجائے ملک کی ترقی کے لیے سب کو ساتھ لے کر چلنے کے قائل ہیں۔

بقیہ 25

5 فیصد کمی کا اعلان کیا۔ سیکرٹری آر ٹی اے ملک طاہر نے تمام ٹرانسپورٹرز کو نئے کرایوں پر فوری عملدرآمد یقینی بنانے کی سخت ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہر گاڑی میں کرایہ نامہ نمایاں جگہ پر آویزاں کیا جائے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ مسافروں سے مقررہ کرایوں سے زائد وصولی (اوور چارجنگ) کرنے والے ٹرانسپورٹرز کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ آر ٹی اے کے مطابق کرایوں میں کمی کا مقصد عوام کو پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا براہ راست فائدہ پہنچانا اور فوری ریلیف فراہم کرنا ہے۔ سیکرٹری آر ٹی اے نے مسافروں سے بھی اپیل کی ہے کہ اگر کوئی ٹرانسپورٹر اضافی کرایہ وصول کرے تو اس کی شکایت متعلقہ حکام کو کریں تاکہ فوری کارروائی کی جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومتی ہدایات کے مطابق عوام کو ریلیف فراہم کرنا اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 26

میں لایا جس پر ایم پی اے مہوش سلطانہ راجہ نے معاملہ سیکرٹری محکمہ سکول ایجوکیشن پنجاب کے نوٹس میں پہنچایا، جس کے بعد محکمانہ سطح پر انکوائری ہیلڈ کی گئی اور متعلقہ فریقین کے بیانات قلمبند کیے گئے۔ ذرائع کے مطابق تحقیقات کے دوران ایک طالبہ اپنے بیان پر قائم رہی جبکہ دوسری طالبہ کے بارے میں بتایا جاتا ہے کہ والدین نے معاملے کو مزید طول دینے کے بجائے خاموشی اختیار کرنے کو ترجیح دی۔ اسی روز ڈنڈوت سکول کی طالبات سے بھی معلومات حاصل کی گئیں تاہم انہوں نے ایسی کسی صورتحال سے لاعلمی ظاہر کی جس کے بعد ایک طالبہ کے بیان کو ناکافی قرار دیتے ہوئے معاملہ نمٹا دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق دوران انکوائری مذکورہ ایگزامینر نے اپنے دفاع میں مؤقف اختیار کیا کہ بعض طالبات نے ان سے زیادہ نمبر لگانے کا مطالبہ کیا تھا اور مبینہ طور پر اسی وجہ سے ان پر ہراسانی کے الزامات عائد کیے گئے، تاہم اس مؤقف کی آزادانہ تصدیق سامنے نہیں آ سکی۔ تاہم سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر شکایت اتنی معمولی تھی تو پھر سکول انتظامیہ نے باضابطہ درخواستیں کیوں دیں، طالبات کے تحریری بیانات کیوں قلمبند ہوئے اور معاملہ ضلعی وصوبائی سطح کے حکام تک کیوں پہنچا؟ عوامی وسماجی حلقوں کا کہنا ہے کہ تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم بچوں کے تحفظ سے متعلق معاملات میں محض اعداد وشمار نہیں بلکہ اعتماد، خوف اور سماجی دباؤ جیسے عوامل کو بھی مدنظر رکھنا ضروری ہوتا ہے۔ شہریوں کی جانب سے یہ سوال بھی اٹھایا جا رہا ہے کہ میٹرک کی طالبات کے عملی امتحانات کے لیے خاتون ایگزامینر کی تعیناتی کو ترجیح کیوں نہ دی گئی اور اتنے حساس نوعیت کے معاملے میں شکایت اور انکوائری کے باوجود مذکورہ ایگزامینر کو کم از کم احتیاطی بنیادوں پر ڈیوٹی سے الگ یا کسی دوسرے امتحانی مرکز میں منتقل کیوں نہ کیا گیا؟ شہریوں کا کہنا ہے کہ کئی مرتبہ والدین بدنامی یا سماجی دباؤ کے باعث خاموشی اختیار کر لیتے ہیں جس سے اصل حقائق منظر عام پر نہیں آ پاتے۔ حیران کن طور پر شکایات، تحریری بیانات اور انکوائری کے باوجود مذکورہ ایگزامینر تاحال اسی سکول میں پریکٹیکل امتحانات لینے پر مامور ہیں اور انہیں تبدیل کرنے یا ان کے خلاف کسی واضح محکمانہ کارروائی کی اطلاعات سامنے نہیں آئیں۔ عوامی حلقوں میں یہ سوال شدت اختیار کر رہا ہے کہ کیا انکوائری واقعی میرٹ شفافیت اور انصاف کے تقاضوں کے مطابق مکمل کی گئی یا معاملہ اثر ورسوخ اور سفارش کے سائے میں دب گیا؟ شہریوں کا کہنا ہے کہ دھواں بھی وہاں سے اٹھتا ہے جہاں آگ لگی ہو لہٰذا شکایات کو یکسر نظر انداز کرنے کے بجائے ان کے پس منظر، ابتدائی شکایات اور تمام حقائق کا ازسر نو جائزہ لیا جانا چاہیے۔ عوامی وسماجی حلقوں نے وزیراعلیٰ پنجاب، سیکرٹری سکول ایجوکیشن پنجاب، کمشنر راولپنڈی، ڈپٹی کمشنر چکوال، سی ای او ایجوکیشن چکوال اور دیگر متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ طالبات کے تحفظ اور والدین کے اعتماد کی بحالی کے لیے معاملے کی غیر جانبدار شفاف اور جامع تحقیقات کر کے حقائق عوام کے سامنے لائے جائیں اور اگر کسی بھی سطح پر غفلت، حقائق چھپانے یا اثر ورسوخ کے استعمال کے شواہد سامنے آئیں تو ذمہ داران کے خلاف قانون اور محکمانہ قواعد کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے

بقیہ 27

نواز شریف میڈیکل سٹی میں 1519 بیڈز پر مشتمل سات بڑے ہسپتال مرحلہ وار بنائے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے 19 سال بعد پنجاب پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی کو مکمل طور پر فعال ہونے پر اظہار مسرت کیا ہے۔ چیف سیکرٹری زاہد اختر زمان، سیکرٹری فنانس مجاہد شیر دل اور پنجاب پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی کے سی ای او ڈاکٹر ذیشان حنیف کو بھی سراہا۔ اجلاس میں پنجاب بھر کے لئے 110 مجوزہ ترقیاتی منصوبوں میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے امکانات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ پنجاب میں پہلی مرتبہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت سٹوڈنٹس ہاسٹل قائم کرنے کی تجویز پر غور کیا گیا۔ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت روڈز، ٹرکنگ ٹرمینل، بس سٹینڈز، ماڈل بازار اور فوڈ سٹریٹس پراجیکٹ کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت چار پراجیکٹ کامیابی سے فنکشنل ہو چکے ہیں۔ 27 پراجیکٹس کی فزیبلٹی تیار، دیگر پراجیکٹ پر ورکنگ تیزی سے جاری ہے۔ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ پلان میں 4 بڑے سی ایم اینی شیٹو بھی شامل کئے گئے ہیں۔ نواز شریف میڈیکل ڈسٹرکٹ میں ایف ایم ڈی پروڈکشن پلانٹ، ٹائم ٹریول پارک لاہور، شریمپ فارمنگ اور مائنز ٹو میٹل چنیوٹ پراجیکٹ شامل ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب میں ترقی کا سفر ہر صورت جاری رہے گا۔ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کا مقصد ڈویلپمنٹ کے عمل میں نجی شعبے کو بھی شریک کرنا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ویژن کے تحت ڈویلپمنٹ پراجیکٹ کو پایہ تکمیل تک پہنچائیں گے۔

بقیہ 28

سمیت 5 ملزمان کے خلاف اقدام قتل و دہشت گردی کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کر لیا اور مصروف تفتیش ہے۔ تفصیلات کے مطابق سرگودھا گجرات روڈ پر سالم انٹرچینج کے قریب کلاشنکوفوں سے مسلح افراد نے گاڑی پر اندھادھند فائرنگ کر کے پولیس کے غازی انسپکٹر شاہد اقبال ہرل اور کانسٹیبل فخر اعظم کو شدید زخمی کردیا اور کار میں سوار ہو کر فرار ہو گئے۔ جس پر زخمیوں انسپکٹر شاہد اقبال ہرل اور کانسٹیبل فخر اعظم کو ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ اس سے قبل بھی پھلروان قاتلانہ حملہ میں غازی انسپکٹر شاہد اقبال ہرل کی ایک ٹانگ ضائع ہوئی تھی۔ حالیہ واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی پی او نے محمد صہیب اشرف نے ایس ڈی پی او بھلوال سے رپورٹ طلب کر لی اور زخمیوں کی عیادت کرنے ہسپتال پہنچ گئے جہاں ہسپتال انتظامیہ کو زخمیوں کے بہترین علاج معالجہ کی ہدایت کی جبکہ تھانہ پھلروان پولیس نے شاہد اقبال کی مدعیت میں 5 ملزمان شہزاد نصر عرف انعام، فیصل، فیصل عباس دو نامعلوم کے خلاف زیر دفعہ 324/353/186/427/148/149 اور 7ATA ت پ مقدمہ درج کرلیا جس میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کے لیے سپیشل ٹیمیں تشکیل کران کی تلاش میں مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 29

ئے صوبائی وزیر نے کہا کہ یہ پنجاب حکومت کے لیے باعث فخر ہے کہ ترقیاتی اخراجات اور فنڈز کے استعمال کا ریکارڈ اپنی مثال آپ ہے۔ انہوں نے ناقدین کو چیلنج کیا کہ وہ سرکاری پورٹلز اور محکمہ خزانہ کے ریکارڈ کا جائزہ لیں اور گزشتہ 75 برسوں کے ترقیاتی فنڈز کے استعمال کا موازنہ گزشتہ دو برسوں سے کریں۔ ملک صہیب احمد بھرتھ نے کہا کہ محکمہ مواصلات وتعمیرات نے پنجاب بھر میں تقریباً 30 ہزار کلومیٹر طویل سڑکوں کی تعمیر اور بحالی کا کام انجام دیا ہے، جس سے عوام کو بہتر سفری سہولیات اور رابطہ سڑکوں کی صورت میں نمایاں فوائد حاصل ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن اراکین بھی روزانہ انہی سڑکوں پر سفر کر کے پنجاب اسمبلی آتے ہیں، اس لیے وہ ترقیاتی کاموں کی حقیقت سے بخوبی آگاہ ہیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ ترقیاتی فنڈز کے استعمال کی شرح انتہائی تسلی بخش ہے اور پنجاب کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ترقیاتی سڑکوں کے منصوبوں کے لیے مختص فنڈز کو اتنے مؤثر اور جامع انداز میں استعمال کیا گیا ہے، جس کے نتیجے میں منصوبے بروقت مکمل ہوئے اور عوام کو ان کے ثمرات پہنچے۔ انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ مواصلات وتعمیرات میں ای ٹینڈرنگ سسٹم کے نفاذ سے شفافیت، مسابقت اور مالی نظم وضبط کو فروغ ملا ہے۔ اس جدید نظام کے ذریعے محکمہ نے قومی خزانے کے اربوں روپے بچائے ہیں، جس سے عوامی وسائل کا بہتر استعمال ممکن ہوا ہے۔ ملک صہیب احمد بھرتھ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پنجاب حکومت شفافیت، جوابدہی اور پائیدار ترقی کے اصولوں پر عمل پیرا رہتے ہوئے صوبے بھر میں معیاری انفراسٹرکچر اور جدید سڑکوں کی فراہمی کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گی۔

بقیہ 30

ایسے انسانیت دشمن عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں، پوری قوم دہشتگردی کے خلاف متحد ہے اور امن دشمنوں کے ناپاک عزائم کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ شہدا کے درجات بلند فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ آمین۔

بقیہ 31

کا فائدہ عوام تک منتقل ہونا ضروری تھا، پٹرولیم کی قیمتیں کم ہونے سے پیداواری لاگت میں بھی کمی آئے گی جس سے مہنگائی کی شرح نیچے آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت آئندہ بھی عالمی منڈی کے مطابق عوام کو ریلیف فراہم کرے تاکہ عوام کی زندگیوں میں آسودگی آسکے۔

بقیہ 32

۔اسپیکر سردار ایاز صادق نے دھماکوں میں شہید ہونے والے افراد کے اہلخانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگرد حملے میں شہید ہونے والے افراد کے خاندانوں کے دکھ میں برابر کا شریک ہوں۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے دھماکوں میں زخمی ہونے والے افراد کی جلدی صحتیابی کیلئے دعاء کی اور کہا کہ معصوم شہریوں کو نشانہ بنانا انتہائی بزدلانہ اور شرمناک فعل ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگرد عناصر اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، پوری قوم دہشتگردی کے خاتمے کے لیے متحد ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے شہداء کے درجات کی بلندی اور لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعاء کی۔

بقیہ 33

پارٹی کو دیکھتے ہی فائرنگ کردی۔ ملزم کی جانب سے فائرنگ میں دفاع خود اختیاری کے تحت پولیس کی جوابی فائرنگ سے ملزم موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا۔ پولیس نے قانونی کارروائی کا آغاز کرتے ہوئے لاش کو تحویل میں لے لیا ہے۔

بقیہ 34

کے امکانات موجود نہیں ہے۔

بقیہ 35

لے سے مزید تحقیقات جاری ہیں۔ سید نیاز علی شاہ نے کہا کہ غیر قانونی گندم ترسیل کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عملدرآمد جاری ہے اور قانون شکنی میں ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں کی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب اور ڈی جی فوڈ کے احکامات پر سخت کریک ڈاؤن کیا گیا، ضلع بھر میں نگرانی مزید سخت کردی گئی جبکہ ذخیرہ اندوزی اور غیر قانونی ترسیل روکنے کے لیے مختلف اقدامات کیے جارہے ہیں۔

بقیہ 36

اور جاپان سمیت مختلف ممالک میں عالمی دن کے موقع پر یوگا کے خصوصی ایونٹس کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ یوگا پاکستان میں بھی تیزی سے مقبول ہو رہا ہے، یوگا کرنے والے پاکستانی اسے کئی بیماریوں سے نجات کا ذریعہ سمجھتے ہیں۔ یوگا ماہرین کا کہنا ہے کہ پاکستان میں ذیابیطس کے مریضوں کی تعداد میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے جبکہ یوگا سے ذیابیطس پر کنٹرول ممکن ہے۔ صحت کے پیش نظر لوگوں میں یوگا کا رجحان تیزی سے فروغ پا رہا ہے کیونکہ یہ زیرو بجٹ سے صحت کی ضمانت دیتا ہے۔

بقیہ 37

آئی اے کو مطلوب تھا۔ تحقیقات کے دوران انکشاف ہوا کہ ملزم اپنے اہل خانہ کے ساتھ مل کر ایک منظم مجرمانہ نیٹ ورک چلا رہا تھا۔ ملزم اور اس کے ساتھی شہریوں کو حج وعمرہ پیکجز کے نام پر دھوکا دے کر لاکھوں روپے ہتھیاتے رہے، جعلی وعدوں اور فریب دہی کے ذریعے متاثرین سے بھاری رقوم وصول کی گئیں، مزید تحقیقات میں خواتین کے استحصال اور ان کی ذاتی دستاویزات کے غیر قانونی استعمال کے شواہد بھی سامنے آئے۔

بقیہ 38

بتایا کہ باپ بیٹا محنت مزدوری کے بعد شاہدرہ سے واپس مرید کے آ رہے تھے، پولیس نے ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کر دی۔ پولیس حکام کے مطابق فرار ہونے والے موٹر سائیکل سوار کی تلاش شروع کردی گئی ہے۔

بقیہ 39

آمد ورفت کی سہولت جاری رکھے گا، معاہدے کے تحت 60 دن تک کسی قسم کی راہداری فیس عائد نہیں کی جائے گی تاہم اس مدت کے بعد آبی گزرگاہ کے انتظام کا نیا نظام متعارف کروایا جائے گا۔ اس سے قبل ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا تھا کہ امریکا سے معاہدے کے حوالے سے ضروری مشاورت جاری ہے اور مذاکرات کے لیے حالات سازگار ہونے پر باضابطہ اعلان کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز سوئٹزر لینڈ میں امریکا اور ایران کے درمیان ہونے والے مجوزہ مذاکرات کو ملتوی کر دیا گیا تھا، یہ پیش رفت جنوبی لبنان میں اسرائیل اور حزب اللہ کے درمیان شدید جھڑپوں کے بعد سامنے آئی تھی۔

بقیہ 40

نئے ویزہ رول کے تحت مخصوص افراد 15 سال تک کا طویل مدتی اقامہ حاصل کرنے کے اہل ہوں گے۔ کویت کی وزارت داخلہ کا کہنا ہے کہ وہ تمام غیر ملکی سرمایہ کار جو مقررہ معیارات پر پورا اترتے ہوں، سرمایہ کاروں کے قریبی اور فوری فیملی ممبران، کویت میں کام کرنے والے انویسٹمنٹ اداروں کے تسلیم شدہ اور اعلیٰ عہدیداران، سرمایہ کاری کرنے والے اداروں سے وابستہ تصدیق شدہ شراکت دار اس ویزہ کے اہل ہوں گے، تاہم 15 سالہ اقامہ حاصل کرنے کے لیے کویتی حکومت نے کچھ اہم اور لازمی شرائط بھی عائد کی ہیں، جن پر پورا اترنا ضروری ہے۔ شرائط میں بتایا گیا ہے کہ سرمایہ کاروں کے پاس کویت ڈائریکٹ انویسٹمنٹ پروموشن اتھارٹی (کے ڈی آئی پی اے) سے منظور شدہ اور لائسنس یافتہ انویسٹمنٹ ادارے ہونا ضروری ہیں، سرمایہ کاروں کے لیے کویت کے اندر باقاعدہ اور حقیقی بزنس آپریشنز برقرار رکھنا لازمی ہے، اور اس کاروبار میں کویتی شہریوں کو ملازمت دینے کی لازمی شرط بھی پوری کرنی ہوگی، سرمایہ کاروں کو حکومت کی جانب سے منظور شدہ سرگرمیوں میں کم از کم 10 لاکھ کویتی دینار کا سرمایہ لگانا ہوگا، اتھارٹی سے لائسنس یافتہ اداروں کے لیے یہ بھی لازمی ہے کہ وہ کم از کم 50 لاکھ کویتی دینار کی سرمایہ کاری کی مالیت کو برقرار رکھیں۔ کویتی وزارت داخلہ نے کہا ہے کہ اس نئے ریذیڈنسی قانون کا بنیادی مقصد ملکی قیادت کے اس وژن کو پورا کرنا ہے جس کے تحت کویت کو ایک پرکشش مالیاتی اور تجارتی مرکز میں تبدیل کرنا ہے، یہ طویل مدتی اقامہ بین الاقوامی سرمایہ کاروں کو کویت میں اپنے کاروبار قائم کرنے اور انہیں وسعت دینے کے لیے ایک محفوظ اور یقینی ماحول فراہم کرے گا، اس اقدام سے کویتی معیشت کو صرف تیل پر انحصار کرنے کے بجائے دیگر شعبوں میں متنوع بنانے میں مدد ملے گی معلوم ہوا ہے کہ اس تاریخی ویزا اصلاحات کو کویتی کابینہ نے ریزولیشن نمبر 651 آف 2026ء کے تحت باقاعدہ منظوری دی ہے، یہ پورا منصوبہ وزارت داخلہ کے جنرل ڈیپارٹمنٹ آف ریذیڈنسی افیئرز اور 'کے ڈی آئی پی اے' کے درمیان قریبی تعاون اور کویت میں براہ راست سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے قانون نمبر 116 آف 2013ء کے مقاصد کے تحت تیار کیا گیا ہے، اس نئے قانون کے بعد کویت بھی اب خلیج کے ان چند چیدہ چیدہ ممالک کی فہرست میں شامل ہوگیا ہے جو دنیا بھر کے بہترین ٹیلنٹ، سرمائے اور طویل مدتی کاروباری عزم کو راغب کرنے کے لیے طویل اقامے پیش کر رہے ہیں۔

بقیہ 41

کی پیش گوئی کرتے ہوئے بتایا کہ اس دوران سمندری ہوائیں فعال رہنے کی توقع ہے جب کہ شہر کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 34 تا 36 ڈگری کے درمیان ریکارڈ ہوسکتا ہے۔ اسی طرح ساحلی علاقوں میں موسم جزوی ابر آلود رہنے کے ساتھ کہیں کہیں بوندا باندی کا امکان ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مغربی ہواؤں کے جاری سلسلے کے زیر اثر آج جیکب آباد، کشمور، قمبر شہدادکوٹ، شکار پور، لاڑکانہ، سکھر، دادو، خیرپور، سانگھڑ، نوشہرو فیروز، شہید بینظیر آباد اور جامشورو کے اضلاع میں چند مقامات پر گرد آلود ہوائیں، آندھی اور گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش کی بوندا باندی کا امکان ہے۔ ماہرین نے خبردار کیا کہ دیہی سندھ میں آندھی کی وجہ سے کمزور املاک کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ متعلقہ اداروں اور شہریوں کو موسمی تبدیلیوں کے پیش نظر احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 42

لی طور پر مستحکم بنانے کا ہدف رکھا گیا ہے۔ منصوبے کے تحت اسکولوں کی بیرونی دیواروں پر برانڈنگ، فلیکس بورڈز، بل بورڈز اور ہورڈنگز لگانے کی اجازت دینے پر غور کیا جا رہا ہے، جس سے اشتہاری آمدن حاصل کی جاسکے گی۔

بقیہ 43

شات کی حمایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اشیائے خوردونوش پر سیلز ٹیکس میں کمی، سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں 15 فیصد اضافہ کی سفارش درست ہے۔

بقیہ 44

کے تحت سمندری پانی کے ماحولیاتی ڈی این اے، پرندوں، وہیل اور ڈولفنز جیسی سمندری ممالیہ کی انواع، میرین کمسٹری، اور آبی و موسمیاتی اعداد وشمار جمع کیے گئے۔ اس سروے سے چین کو اس علاقے کے اہم حیاتیاتی ماحول کی صورتحال کو مزید سمجھنے اور ماحولیاتی نظام کی صحت کی تشخیص کرنے کی بنیاد میسر آئی ہے اور ساتھ ہی اس علاقے میں سمندری حیاتیاتی تنوع کے تحفظ کے لیے سائنسی بنیاد بھی فراہم ہوئی ہے۔

بقیہ 45

گیا ہے، اس لیے بین الاقوامی برادری کو متحد ہونے اور موثر اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ سون لے نے کہا کہ انسانی امداد کے فنڈز کا خلا مسلسل بڑھ رہا ہے۔ چین عطیہ دہندگان پر زور دیتا ہے کہ وہ فنڈز فراہم کرنے کے اپنے وعدوں کو حقیقی معنوں میں پورا کریں اور امدادی کوششوں کو تیز کریں۔ امید ہے کہ اقوام متحدہ محدود وسائل کو متوازن انداز میں تقسیم کرے گی اور ان انسانی بحرانوں اور طویل مدتی بحرانوں کی مدد پر توجہ دے گی جنہیں فنڈز کی شدید کمی کا سامنا ہے ان کا کہنا تھا کہ ترقی کا نہ ہونا انسانی بحرانوں کی بنیادی وجوہات میں سے ایک ہے۔ بین الاقوامی برادری کو چاہیے کہ وہ امداد وصول کرنے والے ممالک کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے انسانی ہمدردی پر مبنی امداد اور ترقیاتی امداد کے درمیان ہم آہنگی پر توجہ دے، اور انسانی بحرانوں کا سامنا کرنے والے ممالک کی ترقیاتی صلاحیت کو بہتر بنائے۔ سون لے نے مزید کہا کہ چین بنی نوع انسان کے ہم نصیب معاشرے کے تصور پر کاربند ہے اور ترقی پذیر ممالک کو انسانی ہمدردی پر مبنی امداد، آفات کے بعد بحالی اور تعمیر نو جیسے شعبوں میں تعاون فراہم کرتا ہے۔

بقیہ 46

عات کی قیمتیں کم ہونے سے ہماری پروڈکٹس عالمی مارکیٹ میں مقابلے پر آسکیں گی، حکومت دیگر اشیاء کی قیمتیں بھی 28 فروری کی سطح پر لانے کیلئے اقدامات کرے۔

بقیہ 47

س ورڈ استعمال کرنے سے گریز کریں، مختصر اور آسان پاس ورڈز سائبر خطرات میں اضافے کا سبب بن سکتے ہیں۔ ذاتی معلومات کو پاس ورڈ کے طور پر استعمال نہ کریں، نام، تاریخ پیدائش یا 1234 جیسے آسان نمبرز کو پاس ورڈ بنانے سے اجتناب کریں، اپنا پاس ورڈ کسی کے ساتھ شیئر نہ کریں، پاس ورڈز کو باقاعدگی سے تبدیل کریں۔ پی ٹی اے اعلامیے میں ہدایت کی گئی ہے کہ فنگر پرنٹ یا چہرے کی شناخت جیسے بائیومیٹرک فیچرز کو ترجیح دیں، مضبوط پاس ورڈ، محفوظ ڈیجیٹل مستقبل کی ضمانت ہے، ڈیجیٹل سکیورٹی بہتر بنانے کیلئے شہری پی ٹی اے کی ہدایات پر عمل کریں۔

بقیہ 48

ظہار کرتے ہوئے کہا کہ کچھ نورشاہ کے علاقے میں واسا اہلکاروں کی غیر ذمہ داری اور غفلت کے باعث شہریوں کی جانیں خطرے میں پڑ رہی ہیں، لہٰذا ذمہ دار افراد کے خلاف کارروائی کی جانی چاہیے۔ اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 کی ٹیم موقع پر پہنچ گئی اور حفاظتی اقدامات کے تحت کھلے مین ہول کے اطراف کو گھیرے میں لے کر بند کردیا تاکہ مزید کسی حادثے سے بچا جاسکے۔ شہریوں نے مطالبہ کیا کہ شہر بھر میں کھلے مین ہولز اور غائب ڈھکنوں کی فوری نشاندہی کر کے انہیں ڈھانپا جائے تاکہ مستقبل میں ایسے افسوسناک واقعات سے بچا جاسکے۔

☆☆☆

پنجاب میں ترقی کا سفر ہر صورت جاری رہے گا، وزیراعلیٰ پنجاب

پلاسٹک ری کنسٹرکٹو سرجری اینڈ برن سینٹر اور انسٹیٹیوٹ آف جینیٹک اینڈ بلڈ ڈیزیز بھی میڈیکل سٹی میں بنے گا

سنٹر آف ایکسی لینس نرسنگ اینڈ مڈوائفری، انسٹیٹیوٹ آف آپتھلمالوجی اور انفیکشن ڈیزیز ہسپتال بھی بنائے جائیں گے

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے انسٹیٹیوٹ آف سرجیکل آرتھو پیڈک اینڈ میڈیکل رہیب اور چلڈرن ہسپتال فور کی منظوری دیدی ،نواز شریف میڈیکل ڈسٹرکٹ میڈیکل سٹی میں بنے گا،سنٹر آف ایکسی لینس نرسنگ اینڈ مڈوائفری، انسٹیٹیوٹ آف آپتھلمالوجی اور انفیکشن ڈیزیز ہسپتال بھی بنائے جائیں گے، (بقیہ نمبر 2 7)

سرگودھا، کلاشنکوفوں سے مسلح کار سوار افراد کی گاڑی پر اندھادھند فائرنگ

کار میں سوار ہو کر فرار ہو گئے، ڈی پی او نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے ایس ڈی پی او سے رپورٹ طلب کر لی،

سرگودھا (یواین پی) کلاشنکوفوں سے مسلح کار سوار افراد نے گاڑی پر اندھادھند فائرنگ کر کے پولیس کے غازی انسپکٹر اور کانسٹیبل شدید زخمی ہو گئے جن کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا اور کار میں سوار ہو کر فرار ہو گئے ڈی پی او نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے ایس ڈی پی او سے رپورٹ طلب کر لی، پولیس تھانہ پھلروان نے شاہد اقبال کی مدعیت میں تین نامزد (بقیہ نمبر 2 8)

راولپنڈی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹر میں فرینڈز آف پولیس انٹرن شپ پروگرام کے 45ویں بیچ کے اختتام پر طلباو طالبات میں سرٹیفکیٹس تقسیم کئے جا رہے ہیں

پختونخوا فنانس بل 2026: مختلف ٹیکسوں، فیسوں اور محصولات میں ترامیم کی تجاویز شامل

قانون کے نفاذ کی صورت میں یکم جولائی 2026 سے نئے مالیاتی اقدامات لاگو ہوں گے

پشاور (یواین پی) خیبر پختونخوا کے فنانس بل 2026 میں مختلف شعبوں پر ٹیکسوں کی تجویز شامل ہے۔خیبر پختونخوا فنانس بل 2026 میں مختلف ٹیکسوں، فیسوں اور محصولات میں ترامیم اور نئی شرحوں کی تجاویز شامل ہیں۔ مجوزہ فنانس بل کے مطابق قانون کے نفاذ کی صورت میں یکم جولائی 2026 سے نئے مالیاتی اقدامات لاگو ہوں گے۔

انجمن تاجران کا پیٹرولیم قیمتوں میں کمی پر وزیر اعظم سے اظہار تشکر

حکومت آئندہ بھی عالمی منڈی کے مطابق عوام کو ریلیف فراہم کرے، شہزاد اشرف بھٹی

لاہور (یواین پی) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی رہنما شہزاد اشرف بھٹی نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی پر وزیر اعظم شہباز شریف سے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ اس اقدام سے عوام کو ٹرانسپورٹ اور روزمرہ اخراجات میں واضح ریلیف ملے گا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں کمی کے اثرات (بقیہ نمبر 3 1)

اوورسیز پاکستانی فاؤنڈیشن اور موون پک ہوٹل سینورس اسلام آباد کے درمیان اوورسیز پاکستانیوں کے لیے سیاحت کے فروغ اور خصوصی پیکجز کے اجراء کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کے بعد دستاویزات کا تبادلہ کیا جا رہا ہے

سیدہ فاطمۃ الزہراءؓ تدفین فری سروس اینڈ دسترخوان کا افتتاح

اس منصوبے کے تحت غریب اور مستحق خاندانوں کو تدفین کے موقع پر مالی پریشانی کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا، طاہرہ اورنگزیب

معاشرے کے مستحق اور کمزور طبقات کی خدمت ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے، کمشنر راولپنڈی ڈویژن انجینئر عامر خٹک

اسلام آباد (یواین پی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے بنوں میں مسافر گاڑی کے قریب دہشتگردوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم شہریوں کو نشانہ بنانا انتہائی بزدلانہ اور شرمناک فعل ہے، دہشتگرد عناصر اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ اپنے بیان میں اسپیکر قومی اسمبلی نے دھماکوں کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانوں کے نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا (بقیہ نمبر 3 2)

راولپنڈی: راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی محرم الحرام کے حوالے سے جامع صفائی میں مصروف عمل ہیں

کراچی کے لیے اچھی خبر، آئندہ 3 روز کے موسم کی پیشگوئی جاری

موسم جزوی ابر آلود رہنے اور صبح و رات کے اوقات میں بوندا باندی کا امکان ہے، محکمہ موسمیات

کراچی (یواین پی) اہل کراچی کے لیے خوشی کی خبر ہے۔ محکمہ موسمیات نے آئندہ تین روز کے لیے موسم کی پیش گوئی جاری کی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق شہر قائد میں آئندہ 3 دنوں کے دوران موسم جزوی ابر آلود رہنے اور صبح و رات کے اوقات میں بوندا باندی کا امکان ہے۔ ماہرین موسمیات نے کراچی کے لیے اگلے 3 دن کے موسم (بقیہ نمبر 4 1)

سڑکوں کی تعمیر کا معیار اور ترقیاتی فنڈز کا استعمال انتہائی تسلی بخش ہے، ملک صہیب احمد

لاہور (یواین پی) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات ملک صہیب احمد بھرتھ نے کہا ہے کہ پنجاب بھر میں سڑکوں کی تعمیر و بحالی کے منصوبوں پر کام کی رفتار اور معیار انتہائی تسلی بخش ہے، جو وزیراعلیٰ پنجاب کی قیادت میں عوامی خدمت اور ترقی کے حکومتی عزم کا مظہر ہے۔ ترقیاتی فنڈز کے استعمال سے متعلق اٹھائے جانے والے سوالات کا جواب دیتے ہو (بقیہ نمبر 2 9)

بنوں میں دہشتگردوں کی جانب سے معصوم مسافروں کو نشانہ بنانا بزدلانہ فعل ہے

اسلام آباد (یواین پی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے بنوں دھماکوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بنوں میں دہشتگردوں کی جانب سے معصوم مسافروں کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور بزدلانہ فعل ہے۔ ہفتہ کو سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں وفاقی وزیر نے کہا کہ شہدا کے اہلِ خانہ کے ساتھ اظہار تعزیت کرتا ہوں اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لیے دعاگو ہوں۔انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 3 0)

امید ہے کہ چینی کمپنیاں میانمار میں سرمایہ کاری کریں گی، صدر میانمار

بیجنگ (یواین پی) من آنگ ہلائنگ نے میانمار کے صدر کے طور پر چین کا پہلا سرکاری دورہ کیا۔ چین میں قیام کے دوران چائنا میڈیا گروپ کو ایک خصوصی انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ وہ اس دورے کے ذریعے میانمار اور چین کے دوستانہ تعلقات کو گہرا کرنا، میانمار کی ترقی کو فروغ دینا اور میانمار اور چین کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون کو مضبوط کرنا چاہتے ہیں۔

پنجاب کے سرکاری اسکولوں کی مالی خودمختاری دینے کا منصوبہ

13 نئے ریونیو آپشنز زیر غور، اسکولوں کے غیر استعمال شدہ وسائل کو کمرشل استعمال میں لانے، اشتہارات، سولرائزیشن، کرائے

پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ سے آمدن بڑھانے کی تجویز، پنجاب میں جدید فنانسنگ ماڈل متعارف کرانے پر بھی کام جاری ہے

لاہور (این این آئی) محکمہ سکول ایجوکیشن پنجاب نے سرکاری اسکولوں کو مالی طور پر خودمختار بنانے اور اضافی آمدن پیدا کرنے کیلئے ایک نیا اور جامع منصوبہ تیار کیا ہے، جس کے تحت اسکولوں کے غیر استعمال شدہ وسائل کو کمرشل بنیادوں پر استعمال کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ تعلیم نے اسکولوں کیلئے اضافی آمدن کے 13 مختلف آپشنز تجویز کیے ہیں، جن کے ذریعے تعلیمی اداروں کو ما (بقیہ نمبر 42)

تھانہ سٹی پولیس کی کارروائی، گودام میں چوری کی واردات میں ملوث شخص گرفتار

اساتذہ کیلئے بری خبر، حاضری میں تاخیر یا غیر حاضری پر خودکار تنخواہ کٹوتی کا فیصلہ

اگست سے تمام ملازمین کے لیے روزانہ ان اور آؤٹ حاضری لگانا لازمی ہوگا، اعلامیہ

کراچی (یواین پی) محکمہ تعلیم سندھ نے ٹیچنگ اور نان ٹیچنگ اسٹاف کے لیے چہرے کی شناخت کے سیر جنریشن لازمی قرار دیدی ہے۔ محکمہ تعلیم کے مطابق جون اور جولائی کے دوران ٹیچنگ اور نان ٹیچنگ اسٹاف کی چہرے کی شناخت کے ذریعے جنریشن کی جائے گی، جبکہ اگست سے تمام ملازمین کے لیے روزانہ ان اور آؤٹ حاضری لگانا لازمی ہوگا۔

کبیر والا، بس کی موٹر سائیکل کو ٹکر، خاتون اور بچی سمیت 3 افراد جاں بحق

بس کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار مرد، خاتون اور 2 سال کی بچی اپنی زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھی

کبیر والا (یواین پی) ضلع خانیوال کی تحصیل کبیر والا میں بس کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار 3 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو جوان موقع پر پہنچ گئے، جاں بحق ہونے والوں کی شناخت 55 سالہ ظفر، 3 سالہ ایمن 37 ,سالہ حوراں مائی جبکہ زخمی کی 35 سالہ شمشاد مائی کے نام سے ہوئی ہے۔ آیا جہاں ایک بس نے موٹر سائیکل کو ٹکر مار دی۔ ریسکیو حکام نے بتایا کہ بس کی ٹکر سے موٹر سائیکل پر سوار خاتون، مرد اور 2 سالہ بچی جان کی بازی ہار بیٹھے۔

خیبر پختونخوا کے نئے فنانس بل میں 20 ہزار سے 3 لاکھ تک ماہانہ آمدنی پر سالانہ پروفیشنل ٹیکس مقرر

پشاور (یواین پی) خیبر پختونخوا کے نئے فنانس بل میں 20 ہزار روپے سے 3 لاکھ روپے تک ماہانہ آمدنی پر سالانہ پروفیشنل ٹیکس مقرر کر دیا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق خیبر پختونخوا کا نیا فنانس بل 2026 باقاعدہ طور پر یکم جولائی سے نافذ العمل ہوگا، جس کے تحت صوبے میں نئے مالیاتی اقدامات کا آغاز کیا جا رہا ہے۔ سرکاری دستاویزات میں کہا گیا کہ فنانس بل میں مختلف ٹیکسوں، فیسوں اور سیس میں اہم ترامیم کی تجویز دی گئی ہے۔

خانیوال، بس اور موٹر سائیکل میں تصادم، تین افراد موقع پر جاں بحق، ایک زخمی

خانیوال (یواین پی) بس اور موٹر سائیکل میں تصادم کے نتیجے میں تین افراد موقع پر جاں بحق جبکہ ایک زخمی ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق کبیر والا روڈ نزد آدھی والا پر بس کی ٹکر کے نتیجہ میں تین افراد جاں بحق ایک زخمی ہو گیا۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو جوان موقع پر پہنچ گئے، جاں بحق ہونے والوں کی شناخت 55 سالہ ظفر، 3 سالہ ایمن 37 ,سالہ حوراں مائی جبکہ زخمی کی 35 سالہ شمشاد مائی کے نام سے ہوئی ہے۔

کویت کا مخصوص غیر ملکیوں کیلئے 15 سالہ ویزہ کا اعلان، پاکستانی بھی شامل

غیر ملکی تاجروں، شراکت داروں اور ان کی فیملیز کو رعایت دینے کا فیصلہ

اسلام آباد/کویت (یواین پی) خلیجی ملک کویت کی حکومت نے ایک نئے طویل مدتی ریذیڈنسی پلان کا اعلان کر دیا، جس کے تحت اہل غیر ملکی سرمایہ کاروں اور ان کے اہلخانہ کو 15 سال تک کا اقامہ دیا جائے گا، کویت نے اپنے ویزہ قوانین میں ایک انقلابی تبدیلی کرتے ہوئے غیر ملکیوں کے لیے 15 سالہ انویسٹمنٹ ویزہ متعارف کرا دیا ہے، اس نئے قانون کا مقصد کویت کو غیر ملکی سرمایہ کاری کے لیے خطے کا ایک معروف اور اہم ترین مرکز بنانا ہے، اس (بقیہ نمبر 4 0)

اے آئی جی آپریشنز سعود خان سنٹرل پولیس آفس کچہری میں تشریف لائے شہریوں کی شکایات و مسائل کو بغور سن کر ان کے حل کے لئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کر رہے ہیں

امریکا کے ساتھ معاہدے میں آگے بڑھنے کیلئے تیار ہیں، ایران

امریکہ۔اسرائیل لبنان سے متعلق مفاہمتی یادداشت کی شرائط پر عمل کو یقینی بنائے، نائب وزیر خارجہ

تہران (یواین پی) ایران کے نائب وزیر خارجہ سعید خطیب زادہ نے کہا ہے کہ تہران امریکا کے ساتھ معاہدے پر مرحلہ وار پیش رفت کے لیے تیار ہے بشرطیکہ واشنگٹن اپنی سنجیدگی ثابت کرے اور اسرائیل لبنان سے متعلق مفاہمتی یادداشت کی شرائط پر عمل کو یقینی بنائے۔ عرب ٹی وی کو دیے گئے انٹرویو میں سعید خطیب زادہ نے کہا کہ ایران سفارت کاری کو ہی آگے بڑھنے کا واحد راستہ سمجھتا ہے تاہم امریکا کو یہ یقینی بنانا ہوگا کہ اسرائیل اپنی کارروائیاں مستقل بنیادوں پر روکے اور معاہدے کی پاسداری کرے۔ ایرانی نائب وزیر خارجہ نے لبنان میں حالیہ اسرائیلی حملوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اسرائیل کی مسلسل جنگی کارروائیوں کے سنگین اور فوری نتائج برآمد ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایران غزہ سمیت تمام محاذوں پر امن کا خواہاں ہے اور لبنان میں جنگ کا خاتمہ جنگ بندی منصوبے کا اہم حصہ ہے۔ سعید خطیب زادہ کا کہنا تھا کہ آبنائے ہرمز میں ایران بین الاقوامی قوانین اور عمان کے تعاون سے بحری (بقیہ نمبر 3 9)

پاکستان عالمی سطح پر اہم سفارتی فریق کے طور پر ابھر رہا ہے، امریکی میڈیا

پاکستان کی پذیرائی دیکھتے ہوئے بھارت امریکا سے تعلقات بہتر کرنے میں مصروف ہے

واشنگٹن (یواین پی) بھارت امریکا کے ساتھ اپنے تعلقات کو دوبارہ مستحکم کرنے کی کوششوں میں مصروف ہے جبکہ پاکستان پہلے ہی اپنے سفارتی اثر و رسوخ کو منوا چکا ہے۔ جی سیون اجلاس کے دوران امریکی صدر ٹرمپ اور بھارتی وزیر اعظم مودی کے درمیان ملاقات کو بعض رپورٹس میں روایتی گرمجوشی کے بجائے مختصر مصافحے تک محدود قرار دیا گیا۔ اس ملاقات کے تناظر میں سفارتی کشیدگی کے اشارے بھی دیے گئے ہیں۔

ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا اپنے دفتر میں شہریوں سے مسائل سن رہے ہیں

پاکستان کی سفارتی کامیابیاں، بھارت کو پیچھے چھوڑ دیا

جی 7 سمٹ میں امریکی صدر اور بھارتی وزیراعظم کی ملاقات روایتی گرمجوشی کے بجائے صرف مصافحہ تک

واشنگٹن (یواین پی) امریکی میڈیا نے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ پاکستان نے سفارتی میدان میں بھارت کو پیچھے چھوڑ دیا، مودی سرکار کی ناکامی پر سوالات اٹھنے لگے، معرکہ حق میں بھارت کیخلاف دفاعی کامیابی اور ایران امریکا کشیدگی میں نتیجہ خیز ثالثی نے دنیا بھر میں پاکستان کو ایک نئی پہچان دلا دی۔ بھارت واشنگٹن سے تعلقات بحال کرنے کی کوششوں میں مصروف جبکہ پاکستان پہلے ہی اپنا سفارتی لوہا منوا چکا ہے۔

آئی جی اسلام آباد سید ناصر علی زیدی ڈی آئی جی اسلام آباد اور سینئر افسران کے ساتھ اہم میٹنگ کر رہے ہیں

شہر قائد میں بادلوں کے ڈیرے، صبح اور رات کے اوقات میں رم جھم سے موسم خوشگوار

کراچی (یواین پی) شہر قائد میں بھی بادلوں کے ڈیرے، صبح اور رات کے اوقات میں رم جھم سے موسم خوشگوار ہو گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق کراچی میں ہفتہ کو کم سے کم درجہ حرارت 29.5 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا جبکہ ہوا میں نمی کا تناسب 75 فیصد رہا۔ محکمہ موسمیات نے بتایا کہ کراچی میں 15 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے ہوا چل رہی تھی، اتوار کو بھی مطلع جزوی ابر آلود رہے گا تاہم شہر میں تیز بارش (بقیہ نمبر 3 4)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں یوگا کا عالمی دن (آج) منایا جائے گا

فیصل آباد (یواین پی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں یوگا کا عالمی دن (آج) 21 جون کو منایا جائے گا۔ دسمبر 2014ء میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے ہر سال 21 جون کو عالمی یوگا ڈے منانے کا اعلان کیا، یوگا کو جسمانی، ذہنی اور روحانی مشق قرار دیا جاتا ہے جس کا مقصد جسم کو ذہنی طور پر یکجا کرنا ہے۔ فیصل آباد سمیت دنیا بھر میں کروڑوں افراد جسمانی فٹنس کے اس دن کو بھرپور طریقے سے مناتے ہیں، پاکستان، چین، امریکا، برطانیہ، بھارت (بقیہ نمبر 3 6)

مزدوروں کے بچوں کی فلاح و بہبود کیلئے اہم فیصلے

ورکرز ویلفیئر فنڈ کے زیر کفالت بچوں کے لیے کتب، یونیفارم، اسٹیشنری، ٹرانسپورٹ اور وظیفہ کی تجاویز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

مزدوروں کے ایک لاکھ بچوں کو سکولوں میں داخلے کو تمام وسائل بروئے کار لا کر پورا کیا جائیگا، وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین

اسلام آباد (یواین پی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن اراکین نے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں پندرہ فیصد اضافہ کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ مہنگائی کی شرح سے اضافہ ہونا چاہیے، مقامی حکومت کو مرکز سے براہ راست فنڈنگ کی سفارش کو بھی سپورٹ کرتے ہیں، صوبے مقامی حکومتوں کو فنڈز نہیں دیتے، صوبائی فنانس کمیشن ایوارڈ کی ضرورت ہے، اپنا گھر سکیم کے تحت بلاسود قرضہ ہونا چاہیے جبکہ کئی اراکین نے سینیٹ کی جانب سے موصول ہونے والی سفار (بقیہ نمبر 4 3)

اسلام آباد ٹریفک پولیس کا شہریوں میں روڈ سیفٹی اور ٹریفک قوانین کے متعلق آگاہی فراہم کر رہی ہے

چین، تائیوان جزیرے کے مشرق میں سمندری علاقے کے ماحولیاتی سروے کا آغاز

بیجنگ (یواین پی) چین کے زیر اختیار سمندری علاقوں کے قدرتی ماحولیاتی حالات کا مکمل جائزہ لینے اور سمندری ماحولیاتی تحفظ کے لیے معاونت فراہم کرنے کی غرض سے، 16 سے 18 جون تک چینی قدرتی وسائل کی وزارت کے ایسٹ اوشن بیورو کے جہاز "شیانگ یانگ ہونگ 22" نے تائیوان جزیرے کے مشرق میں واقع سمندری علاقے میں سمندری ماحولیاتی سروے کیا۔ اس سروے میں بیک وقت کثیر الشعبہ تحقیقی طریقوں کو اپنایا گیا، جس (بقیہ نمبر 4 4)

عالمی مارکیٹ کے مطابق پٹرول کی قیمت ابھی بھی زیادہ ہیں؛ شمشاد بھٹی

رائیونڈ (یواین پی) عالمی مارکیٹ کے مطابق پٹرول کی قیمت ابھی بھی زیادہ ہیں؛ شمشاد بھٹی، پاکستان نے امریکہ اور ایران معاہدہ ہونے پر پاکستانی عوام کے لیئے ریلیف اوٹ کے مہبد میں زیرے کے برابر، معروف سینئر صحافی شمشاد علی ظفر بھٹی آریو جے پریس کلب میں میڈیا سے اظہار خیال، انہوں نے مزید کہا کہ حکومت عوام کو ریلیف نہیں تسلی دیتی ہے جبکہ اس حالات میں پٹرول کی قیمت 200 روپے فی لیٹر سے بھی کم ہونی چاہئے تھی، پٹرول کی قیمت میں 74 روپے فی لیٹر کمی بھی عوامی دباؤ کا نتیجہ ہے، پٹرول کی قیمت 200 روپے فی لیٹر پر لائی جائے، لیوی کی کوئی گنجائش نہیں، پٹرول کی قیمتوں کو تین سال کیلئے منجمد کیا جائے تاکہ انڈسٹری کا اعتماد بحال ہو پٹرولیم منصو (بقیہ نمبر 4 6)

لاہور: اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں سے ہنگری کے سفیر ڈاکٹر زولتان ورگا ملاقات کر رہے ہیں

امریکی انتظامیہ کے نیتن یاہو کے حریفوں سے رابطے شروع

ان میں ایسے افراد بھی شامل ہیں جو یا ہو کو سیاسی طور پر سخت ٹائم دے سکتے ہیں

واشنگٹن (یواین پی) امریکی انتظامیہ نے اسرائیل میں صدر نیتن یاہو کے حریفوں کے ساتھ رابطے شروع کر دیے۔ امریکی میڈیا کے مطابق ٹرمپ انتظامیہ کے حکام مبینہ طور پر اسرائیلی اپوزیشن رہنماؤں کے ساتھ رابطہ کر رہے ہیں، ان میں ایسے افراد بھی شامل ہیں جو اسرائیل میں وزیر اعظم نیتن یاہو کو سیاسی طور پر سخت ٹائم دے سکتے ہیں۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق امریکی انتظامیہ کے لوگوں نے حال ہی میں اسرائیلی اپوزیشن کی شخصیات کے ساتھ تعلقات استوار کرنے کے لیے رسائی کی کوششیں شروع کر دی ہیں۔

چین کا بین الاقوامی برادری پر ٹھوس انسانی ہمدردی کے اقدامات کرنے پر زور

انسانی ضروریات اور دستیاب وسائل کے درمیان تضاد مزید نمایاں ہو گیا ہے، چینی نمائندہ

اقوام متحدہ (یواین پی) اقوام متحدہ میں چین کے نائب مستقل نمائندے، سون لے نے اقوام متحدہ کی اقتصادی اور سماجی کونسل کے 2026 کے انسانی ہمدردی کے اجلاس کے عام مباحثے سے خطاب کرتے ہوئے بین الاقوامی برادری پر زور دیا کہ وہ مل کر ٹھوس انسانی ہمدردی کے اقدامات کرے۔ سون لے نے کہا کہ موجودہ عالمی انسانی ہمدردی کی صورتحال سنگین ہے، مسلح تنازعات نے بڑے پیمانے پر جانی نقصان اور نقل مکانی کو جنم دیا ہے، اور موسمیاتی تبدیلیوں اور قدرتی آفات نے متاثرہ آبادی کے بقا کے بحران کو مزید بڑھا دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انسانی ضروریات اور دستیاب وسائل کے درمیان تضاد مزید نمایاں ہو (بقیہ نمبر 45)

پی ٹی اے کی ڈیجیٹل سکیورٹی بہتر بنانے کیلئے اہم ایڈوائزری جاری

فنگر پرنٹ یا چہرے کی شناخت جیسے بائیومیٹرک فیچرز کو ترجیح دیں، مضبوط پاس ورڈ، محفوظ ڈیجیٹل مستقبل کی ضمانت ہے

نام، تاریخ پیدائش یا 1234 جیسے آسان نمبرز کو پاس ورڈ بنانے سے اجتناب کریں، پی ٹی اے کی ایڈوائزری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے سائبر فراڈ سے بچاؤ کیلئے ڈیجیٹل سکیورٹی بہتر بنانے کیلئے ایڈوائزری جاری کر دی۔ پی ٹی اے ایڈوائزری میں صارفین کو آن لائن اکاؤنٹس کے تحفظ کیلئے مضبوط اور منفرد پاس ورڈز استعمال کرنے کی تاکید کی گئی ہے، شہری مضبوط اور محفوظ پاس ورڈز استعمال کرنے کی عادت اپنائیں۔ ایڈوائزری کے مطابق ڈیجیٹل دنیا میں محفوظ رہنے کیلئے دو مرحلہ جاتی تصدیق فعال کریں، ایک سے زائد اکاؤنٹس کیلئے ایک ہی پا (بقیہ نمبر 47)

ساہیوال میں 8 سالہ بچہ کھلے مین ہول میں گر گیا

بچہ اپنی والدہ کے ساتھ پیدل جا رہا تھا کہ اچانک 20 فٹ گہرے سیوریج کے مین ہول میں جا گرا

ساہیوال (یواین پی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے کھلے مین ہولز اور سیوریج نظام کی بہتری سے متعلق احکامات کے باوجود واسا حکام کی مبینہ غفلت ایک اور حادثے کا سبب بن گئی۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق پرانا نور شاہ روڈ پر نادرا آفس کے قریب ایک آٹھ سالہ بچہ کھلے سیوریج مین ہول میں گر گیا، بچہ اپنی والدہ کے ساتھ پیدل جا رہا تھا کہ اچانک تقریباً 20 فٹ گہرے سیوریج کے مین ہول میں جا گرا، جس کا ڈھکن غائب تھا۔ عینی شاہدین کے مطابق مقامی شہریوں نے فوری طور پر اپنی مدد آپ کے تحت کارروائی کرتے ہوئے بچے کو بحفاظت باہر نکال لیا جس سے ایک بڑا سانحہ ٹل گیا۔ مقامی کینوں نے واقعے پر شدید تشویش کا ا (بقیہ نمبر 48)

2 موٹر سائیکلوں میں تصادم، باپ جاں بحق، بیٹا زخمی

مرید کے، حادثے کی اطلاع پر پولیس حکام اور امدادی ٹیمیں بھی موقع پر پہنچ گئیں

مرید کے (یواین پی) مرید کے میں جی ٹی روڈ پر کالا شاہ کاکو کے قریب دو موٹر سائیکلیں آپس میں ٹکرا گئیں۔ حادثے کے باعث ایک موٹر سائیکل پر سوار باپ جاں بحق جبکہ بیٹا زخمی ہو گیا۔ حادثے کی اطلاع پر پولیس حکام اور امدادی ٹیمیں بھی موقع پر پہنچ گئیں، جاں بحق ہونے والے شخص اور زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ریسکیو حکام نے بتایا کہ 18 سالہ شاہ زیب ہیلمٹ کی وجہ سے محفوظ رہا، دوسرے موٹر سائیکل سوار موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے، زخمی منور کو ٹی ایچ کیو پہنچایا گیا مگر وہ جانبر نہ ہو سکا۔ پولیس حکام نے (بقیہ نمبر 38)

حج و عمرہ فراڈ اور انسانی اسمگلنگ، 15 سال سے مفرور ریڈ بک کا ملزم گرفتار

ملزم 2011 سے قانون نافذ کرنے والے اداروں کو مطلوب اور مسلسل مفرور چلا آ رہا تھا،

کراچی (یواین پی) ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل کراچی نے ریڈ بک میں شامل انتہائی مطلوب اشتہاری ملزم شیخ محمد عبداللہ کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان کے مطابق ملزم شیخ محمد عبداللہ ولد شیخ ندیم حسین کو ایک اہم کارروائی کے دوران حراست میں لیا گیا۔ ملزم 2011 سے قانون نافذ کرنے والے اداروں کو مطلوب تھا اور مسلسل مفرور چلا آ رہا تھا۔ ملزم انسانی اسمگلنگ، فراڈ اور مالیاتی جرائم کے متعدد مقدمات میں ایف (بقیہ نمبر 37)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

فوری ضرورت

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ

ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

Call / Whatsapp
0309-7900035

E-Commerce Website
Price: 6000/-